آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 34 | بروز ہفتہ 22 اکتوبر 2022ء بمطابق 25 ربیع الاول 1444ھ | شمارہ نمبر 248

کوئٹہ مساجد باجماعت نمازکے اوقات

فجر	5:45
ظہر	1:45
عصر	5:00
مغرب	6:30
عشاء	07:30

اہل تشیع		
	فجر صبح	05:15
	ظہرین	01:00
	مغربین	7:00

صداقت و امانت کا بت پاش پاش ہو گیا، وزیراعظم کا عمران خان کی نااہلی پر ردعمل

قوم نے دیکھ لیا کہ کرپٹ پریکٹس کر کے وزیراعظم کے منصب کو ذاتی آمدنی کا ذریعہ بنایا گیا، پاکستان ترقی یافتہ ممالک کی پیدا کی ہوئی موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کا خمیازہ بھگت رہا ہے، وزیراعظم

پاکستان ترقی یافتہ ممالک کی پیدا کی ہوئی موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کا خمیازہ بھگت رہا ہے، حکومت موسمیاتی تبدیلی میں کارگر عناصر کی روک تھام کو اپنی اولین ترجیحات میں شامل کر رہی ہے

حکومت الیکٹرک وہیکلز کی تعداد میں اضافے اور اس کیلئے ملک بھر میں وسیع پیمانے پر انفراسٹرکچر کی تعمیر کی جامع حکمت عملی پر عملدرآمد کرے گی، شہباز شریف کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے توشہ خانہ ریفرنس میں عمران خان کی نااہلی کے فیصلے پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صداقت و امانت کا بت پاش پاش ہو گیا۔ الیکشن کمیشن نے توشہ خانہ ریفرنس میں عمران خان کو آئین کے آرٹیکل 63 پی کے تحت نااہل قرار دیتے ہوئے کہا کہ عمران خان کرپٹ پریکٹس کے مرتکب پائے گئے اور اپنے جواب کے ذریعے الیکشن کمیشن کو مطمئن کرنے میں ناکام رہے۔ الیکشن کمیشن کے فیصلے پر ردعمل دیتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ الیکشن کمیشن نے توشہ خانہ ریفرنس میں انصاف کیا، قوم نے دیکھ لیا کہ کرپٹ پریکٹس کر کے بقیہ نمبر1 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو صوبائی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

توشہ خانہ کیس، الیکشن کمیشن نے عمران خان کو نااہل قرار دیدیا، رکن قومی اسمبلی نہیں رہے

الیکشن کمیشن نے سابق وزیراعظم کی نااہلی کیلئے دائر توشہ خانہ ریفرنس پر فیصلہ 19 ستمبر کو محفوظ کیا تھا

عمران خان کرپٹ پریکٹسز میں ملوث رہے، ان کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز کیا جائے گا، الیکشن کمیشن کے چار رکنی کمیشن کا متفقہ فیصلہ

سکیورٹی کے سخت انتظامات، پی ٹی آئی کارکنوں کے ممکنہ احتجاج کے پیش نظر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کی بھاری نفری تعینات رہی

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان (ای سی پی) نے سابق وزیراعظم اور پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کے خلاف دائر کردہ توشہ خانہ ریفرنس کا فیصلہ سناتے ہوئے انہیں نااہل قرار دیدیا جس کے باعث سابق وزیراعظم عمران خان اب رکن قومی اسمبلی نہیں رہے۔ جمعہ کو الیکشن کمیشن کے 4 رکنی کمیشن نے متفقہ فیصلہ سناتے ہوئے کہا کہ عمران خان کرپٹ پریکٹسز میں ملوث رہے، ان کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز کیا جائے گا۔ چار رکنی کمیٹی نے فیصلہ سناتے ہوئے کہا کہ عمران خان رکن قومی اسمبلی نہیں رہے، ان کی نشست خالی قرار دی جاتی ہے۔ خیال رہے کہ سابق وزیراعظم عمران کی نااہلی کیلئے دائر کیا جانے والا توشہ خانہ ریفرنس حکمران اتحاد کے 5 ارکان قومی اسمبلی کی درخواست پر اسپیکر قومی اسمبلی نے الیکشن کمیشن کو بھجوایا تھا جس بقیہ نمبر2 صفحہ 3 پر

آرمی چیف کا 5 ہفتوں بعد ریٹائر ہونے کا اعلان

فوج اب سیاست میں کردار ادا نہیں کرے گی، جنرل قمر جاوید باجوہ واضح پیغام

راولپنڈی (این این آئی) آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے 5 ہفتوں بعد ریٹائر ہونے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ فوج اب سیاست میں کردار ادا نہیں کرے گی۔ نجی ٹی وی کے مطابق آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے کہا کہ ایکسٹینشن نہیں لوں گا، 5 ہفتے بعد ریٹائر ہو جاؤں بقیہ نمبر3 صفحہ 3 پر

اسلام آباد صدر مملکت عارف علوی سے پاکستان کے نامزد سفیر رضا بشیر تارڑ ملاقات کر رہے ہیں

فارن فنڈڈ فتنے کی چوری پکڑی گئی، مریم اورنگزیب

فیصلہ خلاف تو الیکشن کمیشن پہ حملہ کرنے سے نااہلی تو ختم نہیں ہوگی، وفاقی وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے الیکشن کمیشن کے توشہ خانہ کیس میں فیصلے پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ فارن فنڈڈ فتنے کی چوری پکڑی گئی، فیصلہ خلاف تو الیکشن کمیشن پہ حملہ کرنے سے نااہلی تو ختم نہیں ہوگی۔ اپنے بیان میں مریم اورنگزیب نے کہا کہ بقیہ نمبر9 صفحہ 3 پر

صدر مملکت سے جاپان میں پاکستان کے نامزد سفیر رضا بشیر تارڑ کی ملاقات

پاکستان اور جاپان کے درمیان موجودہ دوطرفہ تعلقات مزید بہتر بنانے کیلئے کوششوں تیز کرنے کی ضرورت ہے

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت سے جاپان میں پاکستان کے نامزد سفیر رضا بشیر تارڑ نے ملاقات کی جس میں گفتگو کرتے ہوئے صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان اور جاپان کے درمیان موجودہ دوطرفہ تعلقات مزید بہتر بنانے کیلئے کوششیں تیز کرنے کی ضرورت ہے۔ صدر مملکت نے بقیہ نمبر10 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

لسبیلہ کے مختلف واقعات میں دو افراد جاں بحق

اوتھل (نامہ نگار) لسبیلہ کے مختلف واقعات میں دو افراد جاں بحق۔ کوسٹل ہائی وے پر شاہراہ کے کنارے سے ایک نامعلوم شخص بقیہ نمبر11 صفحہ 3 پر

زہری میں فائرنگ ایک نوجوان جاں بحق دوسرا زخمی

خضدار (این این آئی) خضدار کی تحصیل زہری میں فائرنگ ایک نوجوان جاں بحق دوسرا زخمی ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق بقیہ نمبر12 صفحہ 3 پر

بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ ایک اعلامیہ

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ ایک اعلامیہ کے مطابق 21 اکتوبر کو ہونے والا اپیگ اکاؤنٹس بقیہ نمبر14 صفحہ 3 پر

برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق برقی تنصیبات اور لائنوں پر ضروری بقیہ نمبر13 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

کوئٹہ کے نواحی علاقے مغربی بائی پاس پر تیز رفتار ٹرک بے قابو ہو کر الٹ گیا

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے نواحی علاقے مغربی بائی پاس پر تیز رفتار ٹرک بے قابو ہو کر الٹ گیا کوئی جانی نقصان نہیں ہوا تفصیلات بقیہ نمبر19 صفحہ 3 پر

ملک بھر میں کورونا کے 45 کیسز رپورٹ، 44 مریضوں کی حالت تشویشناک

اسلام آباد (این این آئی) قومی ادارہ صحت نے کہا ہے کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر میں 10 ہزار 840 کورونا ٹیسٹ بقیہ نمبر20 صفحہ 3 پر

تربیلا ڈیم میں پانی کی سطح کم ہو کر 1535.96 اور بجلی کی پیداوار 1841 میگاواٹ ریکارڈ

ہری پور (این این آئی) تربیلا ڈیم میں پانی کی سطح کم ہو کر 1535.96 اور بجلی کی پیداوار 1841 میگاواٹ بقیہ نمبر21 صفحہ 3 پر

فارن فنڈنگ ثابت ہونے کے بعد عمران نیازی آج خائن بھی ڈکلیئر ہو گیا، حمزہ شہباز

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما و سابق وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز نے کہا ہے کہ فارن فنڈنگ ثابت ہونے بقیہ نمبر22 صفحہ 3 پر

سیلاب زدگان کی بحالی کے لئے پاکستان آرمی، ایف سی بلوچستان اور سول انتظامیہ کی امدادی کارروائیاں جاری

کوئٹہ (این این آئی) سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں پاکستان آرمی اور ایف سی بلوچستان، سول انتظامیہ کے ہمراہ سیلاب متاثرین کی ریلیف اور بحالی میں مصروف عمل ہیں۔ تفصیلات کے مطابق سیلاب زدہ علاقوں میں 2 ریلیف کیمپس فعال ہیں جہاں 3968 سیلاب زدگان کو پکا ہوا کھانا، راشن اور علاج معالجہ فراہم کیا جا رہا بقیہ نمبر15 صفحہ 3 پر

وفاقی وزیر ریلویز سعد رفیق محکمانہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

زہری انتظامیہ امن بحال کرنے اور لوگوں کے جان مال کو تحفظ دینے میں مکمل ناکام ہو چکے ہیں، نواب ثناء اللہ خان زہری

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما چیف آف جھالاوان سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ خان زہری نے زہری بازار میں حفیظ اللہ لوناری کے دہشت گردوں کے ہاتھوں ٹارگٹ کلنگ میں شہادت پر شدید غم وغصہ کا اظہار کرتے ہوئے قاتلوں کو جلد از جلد بقیہ نمبر16 صفحہ 3 پر

جبری گمشدگی کیخلاف حکومت اور بی این پی کی مشترکہ کوششوں سے بڑی کامیابی

مجوزہ بل کی شق 514 کی، سربراہ بی این پی نے مخالفت کی

بی این پی کا موقف یہ تھا کہ ایسی شق مدعی اور معلومات مہیا کرنے والے افراد کی حوصلہ شکنی کرے گی

اسلام آباد (پ ر) وفاقی وزیر برائے سائنس و ٹیکنالوجی و مرکزی سیکرٹری اطلاعات آغا حسن بلوچ نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ قومی اسمبلی نے جبری گمشدگی سے متعلق بل "دی کریمنل لاز (امینڈمنٹ) بل 2022" کو، سردار اختر جان مینگل کی ترمیم کے بعد متفقہ طور پر منظور کرلیا جو کہ جبری گمشدگی کے خلاف ہماری کوششوں کی بڑی کامیابی ہے۔ وفاقی وزیر آغا حسن بلوچ نے کہا کہ منظور شدہ بل کے مطابق جبری گمشدگی کے جرم کو جرم قرار دیا گیا ہے اور ایسے جرم کا ارتکاب کرنے والوں کو انصاف کے بقیہ نمبر17 صفحہ 3 پر

عدالتی احکامات کے باوجود کوئٹہ کے بڑے ہسپتالوں میں سکیورٹی اہلکار تعینات نہ ہوئے

کوئٹہ کے 7 بڑے ہسپتالوں میں 500 لیویز اہلکاروں کی تعیناتی کیلئے 21 جون 2022 کو محکمہ داخلہ بلوچستان کو مراسلہ ارسال کر دیا گیا تھا

کوئٹہ اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان کے محکمہ صحت کے مراسلے اور عدالتی حکم کے باوجود محکمہ داخلہ کی جانب سے شہر کے ہسپتالوں میں لیویز اہلکاروں کی تعیناتی نہ ہو سکی۔ محکمہ صحت بلوچستان کے حکام نے بتایا کہ محکمہ صحت جانب سے کوئٹہ کے 7 بڑے ہسپتالوں میں سکیورٹی بہتر بنانے بقیہ نمبر18 صفحہ 3 پر

عمران خان کو 5 سال کیلئے نااہل کیا گیا ہے، وزیر قانون

عمران خان نے غلط حقائق الیکشن کمیشن کے سامنے رکھے، الیکشن کمیشن نے بڑی احتیاط برتی ہے ورنہ ان کے خلاف ایک اور کارروائی ہو سکتی تھی

عمران خان کے ساتھی کہہ رہے ہیں بڑی ناانصافی ہوگئی ہے، ناانصافی اس صورت ہوتی ہے جب قانون کسی چیز کا احاطہ نہ کرے، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن نے عمران خان کو 5 سال کے لیے نااہل قرار دیا ہے، عمران خان نے غلط حقائق الیکشن کمیشن کے سامنے رکھے، الیکشن کمیشن نے بڑی احتیاط برتی ہے ورنہ ان کے خلاف ایک اور کارروائی ہو سکتی تھی، عمران خان کے ساتھی کہہ رہے ہیں بڑی ناانصافی ہوگئی ہے، ناانصافی اس صورت ہوتی ہے جب قانون کسی چیز کا احاطہ نہ کرے۔ جمعہ کو وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے انسداد منشیات عطا تارڑ اور رکن قومی اسمبلی محسن شاہ نواز رانجھا کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے وفاقی وزیر قانون نے کہا کہ عمران خان کے خلاف فیصلہ بقیہ نمبر4 صفحہ 3 پر

پولیو وائرس سے ملک کو صاف کرنے کا وقت قریب آ گیا ہے، چیف سیکرٹری بلوچستان

بدقسمتی سے پولیو جہاں بچوں کو جسمانی معذور کرتا ہے، وہیں بچوں کی جان بھی چلی جاتی ہے

بلوچستان سمیت پورے ملک میں پولیو ورکرز نے قربانیاں دی ہیں، چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی

کوئٹہ (این این آئی) ورلڈ پولیو ڈے کی مناسبت سے بلوچستان آئی ٹی یونیورسٹی میں صوبے کے پولیو ہیروز کو سلام پیش کرنے کے حوالے سے جمعہ کو ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی، ایمرجنسی آپریشن سینٹر بلوچستان کے کوآرڈینیٹر سید زاہد شاہ، ڈی جی ہیلتھ ڈاکٹر نورقاضی، ایم پی اے نصراللہ زیرے، ای پی آئی کوآرڈینیٹر ڈاکٹر اختر بلیدی، مولانا انوار الحق حقانی، ڈاکٹر عطاء الرحمن سمیت پولیو ورکرز، سیاسی و سماجی کارکن، سول سوسائٹی کے نمائندے، علماء کرام وصحافی حضرات بھی موجود تھے۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کی سعادت ڈاکٹر عطاء الرحمن نے حاصل کی۔ بعد ازاں چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے کہا ہے کہ پولیو وائرس سے ملک کو صاف کرنے کا وقت قریب آ گیا ہے اور دو دن دورنہیں بقیہ نمبر5 صفحہ 3 پر

الیکشن کمیشن نے امپورٹڈ حکمرانوں کی خوشنودی کیلئے ایک شرمناک فیصلہ لا کر قائم سوری

پاکستان تحریک انصاف پہلے ہی الیکشن کمیشن پر عدم اعتماد کا اظہار کر چکی ہے اور اسکے کسی بھی فیصلے کو قبول نہیں کرے گی

پی ٹی آئی الیکشن کمیشن کے فیصلے کو اعلیٰ عدلیہ میں چیلنج کرے گی، پاکستان تحریک انصاف بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے زیر اہتمام اتوار کو پارٹی کے صوبائی سیکرٹری شہباز خان سے سابق ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی و پی ٹی آئی کے صوبائی صدر قاسم خان سوری کی قیادت میں جمعہ کو الیکشن کمیشن کی جانب سے سابق وزیراعظم عمران خان کو توشہ خانہ کیس میں نااہل قرار دینے کی خلاف احتجاجی ریلی نکالی گئی جو مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی منان چوک پہنچی ریلی کے شرکاء نے وفاقی حکومت اور الیکشن کمیشن کے خلاف شدید نعرے بازی کی پی ٹی آئی کے شرکاء نے ٹائر جلا کر جناح روڈ کو ہر قسم کی ٹریفک کیلئے بند کر دیا۔ اس موقع پر کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے پی ٹی آئی کے صوبائی صدر قاسم خان سوری، ضلع کوئٹہ کے صدر و صوبائی وزیر مبین خان خلجی، عبدالباری بڑیچ، نوابزادہ شریف جوگیزئی، عادل بازئی، آصف ترین، سید صادق آغا، داود خان، عالم کاکڑ، منور متیر، داود شاہ کاکڑ، سردار زادہ اویس تاج، سردار زین العابدین خلجی، نصیب اللہ اچکزئی، انور خان خلجی، نعمت اللہ سلیمانخیل اور دیگر نے خطاب کرتے بقیہ نمبر6 صفحہ 3 پر

نیازی کی نااہلی "یک نہ شد دو شد" تو ہو چکا اب بھی بہت کچھ باقی ہے، حافظ حسین احمد

"باجوہ" "اب دونوں ہی "لاڈلا" قرار پا چکے ہیں، جمعیت علماء اسلام پاکستان

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے سینئر رہنما اور ممتاز پارلیمنٹیرین حافظ حسین احمد نے کہا کہ سابق وزیراعظم میاں نواز شریف کی نااہلی کے بعد سابق وزیراعظم عمران خان نیازی کی نااہلی "یک نہ شد دو شد" تو ہو چکا اب بھی بہت کچھ باقی ہے "زلف تراش کے سر ہوتے تک" وہ جمعہ کو اپنی رہائشگاہ جامعہ مطلع العلوم میں میڈیا سے گفتگو کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں بے حال شاید بحال اور انتخابات میں کھلاڑی اور اناڑی دونوں کو موقع میسر ہوا انہوں نے کہا کہ "باجوہ" اب دونوں ہی "لاڈلا" قرار پا چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں انتخابات متناسب نمائندگی کے بنیاد پر ہونے چاہئے بقیہ نمبر23 صفحہ 3 پر

توشہ خانہ کیس میں عمران خان کو نااہل قرار دینے کا فیصلہ حق و صداقت کی بنیاد ہے، علماء مشائخ

سیاست میں فوج کی مداخلت کے خاتمے کا اعلان خوش آئند ہے، صاحبزادہ عمران نقشبندی

حکمرانوں اور پی ٹی آئی کی سیاسی جنگ میں ملکی استحکام داؤ پر لگ گیا ہے

کراچی (این این آئی) ملک بھر کے علماء مشائخ کی نمائندہ تنظیم علماء مشائخ فیڈریشن آف پاکستان نے الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے توشہ خانہ کیس میں عمران خان کو نااہل قرار دینے فیصلے کو حق وصداقت کی بنیاد اور پاک فوج کے سپہ سالار جنرل قمر جاوید باجوہ کی جانب سے پانچ ہفتوں میں ریٹائرڈ ہونے اور سیاست میں فوج کی مداخلت کے خاتمے کے اعلان کو سرحد اور میں اسے خوش آئند قرار دیتے ہوئے سوشل میڈیا پر قرآن و سنت اور نظریہ پاکستان سے قوم کو ایک سازش کے تحت انحراف کرنے اور بقیہ نمبر24 صفحہ 3 پر

تحریک انصاف کے کارکنوں کا مسلم باغ میں احتجاج، قومی شاہراہ کو بلاک کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین وسابق وزیراعظم عمران خان کی نااہلی کے خلاف پاکستان تحریک انصاف کے کارکنوں کا مسلم باغ میں احتجاج، قومی شاہراہ کو بلاک کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق جمعہ کو پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین وسابق وزیراعظم عمران خان کی نااہلی کے خلاف پاکستان تحریک انصاف بقیہ نمبر25 صفحہ 3 پر

کوئٹہ پاک فوج کے اہلکار سیلاب سے متاثرہ علاقے میں خاتون کو راشن تقسیم کر رہے ہیں

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ایک روزہ وقفے کے بعد آج سہ پہر 4 بجے ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ایک روزہ وقفے کے بعد آج سہ پہر 4 بجے ہوگا۔ اجلاس میں سرکاری کارروائی نمٹائی جائے گی جس میں مجلس قائمہ برائے محکمہ صنعت وحرفت، کان کنی، ومعدنی ترقی اور محنت وافرادی قوت کی رپورٹوں کی روشنی میں پارلیمنٹ شپ بلوچستان، تنازعات کے متبادل حل اور کمرشل کورٹ کے ترمیمی مسودات قوانین پیش کئے جائیں گے۔

ملک کو تیزی سے تصادم کی طرف دھکیلا جا رہا ہے، بابر اعوان

عمران خان کیخلاف غیر آئینی فیصلہ، وفاق پاکستان کی بنیاد پر حملہ ہے

مقبول رہنماؤں کو نااہلی، زبردستی کے ذریعے عوامی شعور سے دور نہیں کیا جا سکتا، شفقت محمود

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما و سابق وزیر قانون بابر اعوان نے کہا ہے کہ ملک کو تیزی سے تصادم کی طرف دھکیلا جا رہا ہے، عمران خان کے خلاف غیر آئینی فیصلہ، وفاق پاکستان کی بنیاد پر حملہ ہے۔ انہوں نے چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کی توشہ خان ریفرنس میں نااہلی کے فیصلے پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کیا تم کیا پیغام دینا چاہتے ہو؟ تیس چالیس ایلیٹ عقل مند ہیں، 22 کروڑ بے وقوف؟ تم پاکستان کے مالک ہو، باقی کرایہ دار؟ عمران خان تحریک انصاف بقیہ نمبر26 صفحہ 3 پر

عمران خان: PDM کی بی ٹیم ہے الیکشن کمیشن، اسی فیصلے کی توقع تھی

الیکشن کمیشن کے بارے میں بار بار اپنے خیالات کا پہلے ہی اظہار کر چکا الیکشن کمیشن فیصلے سے متعلق عمران خان وکلا سے مشاورت کریں گے

جیسے ہی فیصلے کی کاپی ملتی ہے تو متعلقہ عدالت سے رجوع کیا جائے، سابق وزیراعظم کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیراعظم عمران خان نے توشہ خانہ کیس میں الیکشن کمیشن کے فیصلے پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن سے اسی فیصلے کی توقع تھی۔ الیکشن کمیشن کے فیصلے کے بعد عمران خان کی زیرصدارت بنی گالہ میں مشاورتی اجلاس ہوا جس میں شیخ رشید، پرویز خٹک، شاہ محمود قریشی، شہزاد وسیم، اسد عمر، شیریں مزاری سمیت دیگر رہنماؤں نے شرکت کی۔ ذرائع نے کہا کہ اجلاس میں الیکشن کمیشن کے فیصلے کا جائزہ لیا گیا اور پارٹی رہنماؤں کی الیکشن کمیشن کے فیصلے پر عمران خان کو بریفنگ دی گئی۔ ذرائع کے مطابق عمران خان نے کہا کہ الیکشن کمیشن سے اسی فیصلے کی توقع تھی، موجودہ الیکشن کمیشن پی ڈی ایم کی بی ٹیم ہے، الیکشن کمیشن کے بارے میں بار بار اپنے خیالات کا پہلے ہی اظہار کر چکا۔ ذرائع نے بتایا کہ الیکشن کمیشن فیصلے بقیہ نمبر7 صفحہ 3 پر

عمران خان کے خلاف نام نہاد توشہ خانہ کیس کی کوئی قانونی بنیاد نہیں، شیریں مزاری

الیکشن کمیشن کو پہلے زرداری اور نواز شریف کی توشہ خانہ سے لی گئی کاروں کا تعاقب کرنا چاہیے، سابق وزیر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما ڈاکٹر شیریں مزاری نے کہا ہے کہ عمران خان کے خلاف نام نہاد توشہ خانہ کیس کی کوئی قانونی بنیاد نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ سب کچھ سیاسی انتقام ہے جس کی قیادت جانبدار چیف الیکشن کمشنر کر رہا ہے، الیکشن کمیشن کو پہلے زرداری اور نواز شریف کی توشہ خانہ سے لی گئی کاروں کا تعاقب کرنا چاہیے۔ اپنے بیان میں شیریں مزاری نے کہا کہ بیرسٹر علی ظفر نے الیکشن کمیشن کو بتایا کہ عمران خان

الیکشن کمیشن نے عمران خان کو کرپٹ پریکٹسز کا مجرم قرار دیا ہے، بلاول

عمران خان کرپٹ پریکٹس میں ملوث رہے لہٰذا ان کے خلاف قانونی کارروائی شروع کی جائے

اپنے سیاسی مخالفین کی مبینہ کرپشن کے بارے میں جھوٹ پھیلانے والا رنگے ہاتھوں پکڑا گیا، چیئرمین پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے الیکشن کمیشن کی جانب سے توشہ خانہ کیس میں نااہل کیے جانے پر عمران خان کے حوالے سے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن نے عمران خان کو کرپٹ پریکٹسز کا مجرم قرار دیا ہے، عمران خان اب نااہل ہیں۔ تفصیلات کے مطابق الیکشن کمیشن نے توشہ خانہ ریفرنس کے فیصلے میں کہا کہ عمران خان کرپٹ پریکٹس میں ملوث رہے لہٰذا ان کے خلاف قانونی کارروائی شروع کی جائے۔ سوشل میڈیا پر جاری بیان میں بلاول بھٹو زرداری نے لکھا کہ الیکشن کمیشن نے عمران خان کو کرپٹ پریکٹسز کا مجرم قرار دیا ہے، عمران خان اب نااہل ہیں۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے اپنے پیغام میں لکھا کہ اپنے سیاسی مخالفین کی مبینہ کرپشن کے بارے میں جھوٹ پھیلانے والا رنگے ہاتھوں پکڑا گیا۔

عمران خان کو کرپٹ پریکٹس کا مجرم قرار دیا گیا ہے، بلاول بھٹو زرداری

سیاسی مخالفین کی مبینہ کرپشن کا جھوٹ پھیلانے والے رنگے ہاتھوں پکڑے گئے

کراچی (این این آئی) وزیر خارجہ اور پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے سابق وزیراعظم عمران خان کی نااہلی پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ عمران خان نااہل ہیں، سیاسی مخالفین کی مبینہ کرپشن کا جھوٹ پھیلانے والے رنگے ہاتھوں پکڑے گئے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئیٹر پر اپنے ٹویٹ میں وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ الیکشن کمیشن نے عمران خان کو کرپٹ پریکٹس کا مجرم قرار دیا ہے، اب عمران خان نااہل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی مخالفین کی مبینہ کرپشن کا بقیہ نمبر30 صفحہ 3 پر

مچھ کسی کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا

مچھ کسی (آن لائن) مچھ کسی کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز مچھ کسی میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے سکندر نامی شخص کو قتل کر دیا اور فرار ہو گیا نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے بقیہ نمبر28 صفحہ 3 پر

سوڈان میں نسلی جھڑپوں کے دوران 150 افراد ہلاک

نسلی فسادات کے دوران ہلاک افراد میں عورتیں اور بچے بھی شامل، 86 افراد زخمی

خرطوم (این این آئی) سوڈان کی جنوبی ریاست بلیونیل میں 2 دن جاری رہنے والے نسلی فسادات کے سبب کم از کم 150 افراد ہلاک ہو گئے۔ سوڈان کی ریاستی اسپتال کے سربراہ عباس موسیٰ کا کہنا ہے کہ ہلاک افراد میں عورتیں اور بچے بھی شامل ہیں، تشدد کے واقعات میں 86 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ رپورٹس کے مطابق بلیونیل میں یہ جھڑپیں گزشتہ ہفتے ہاسا اور ان کے حریف گروپوں کے درمیان زمین کے تنازع پر شروع ہوئیں، جس کے بعد علاقہ مکینوں کی جانب سے شدید فائرنگ اور گھروں بقیہ نمبر29 صفحہ 3 پر

لوتھین گرینڈ الائنس نے مطالبات تسلیم نہ ہونے پر سرکلر روڈ پر گرامر اسکول کے سامنے دھرنا دے دیا

کوئٹہ (این این آئی) لوتھین گرینڈ الائنس نے مطالبات تسلیم نہ ہونے پر سرکلر روڈ پر گرامر اسکول کے سامنے دھرنا دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق جمعہ کو لوتھین گرینڈ الائنس کے زیر اہتمام مطالبات تسلیم نہ ہونے پر پریس کلب کوئٹہ کے سامنے سے احتجاجی ریلی نکالی گئی جو مختلف شاہراہوں بقیہ نمبر27 صفحہ 3 پر

معاشی بحالی کیلئے پاکستان کو مشکل فیصلے لینا ہوں گے، عالمی بینک

پاکستان میں سیلاب کی تباہ کاری کے تخمینہ کی رپورٹ اگلے ہفتے آئے گی، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) عالمی بینک نے کہا ہے کہ سیلاب کے بعد معاشی بحالی کیلئے پاکستان کو مشکل فیصلے لینا ہوں گے۔ عالمی بینک نے اپنی رپورٹ میں کہا کہ پاکستان میں سیلاب کی تباہ کاری کے تخمینہ کی رپورٹ اگلے ہفتے آئے گی، نقصانات کے تخمینے کے بعد ہی امدادی رقم کا فیصلہ ہو پائے گا، اب تک دو ارب ڈالر کا ہی اعلان ہوا ہے۔ عالمی بینک نے کہا کہ سمجھتے ہیں کہ سیلاب کے بعد اقتصادی صورتحال کی وجہ سے ریونیو جمع کرنا مشکل ہوں گے، لیکن معاشی بحالی کیلئے پاکستان کو مشکل فیصلے لینا ہوں گے۔

اسلام آباد: سابق وفاقی وزیر اطلاعات فواد چوہدری میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

آئندہ کوئی بھی پراجیکٹ 2 یا زیادہ سے زیادہ 3 سال کیلئے تیار کیا جائے، سعد رفیق

ریلوے کے تمام پراجیکٹس مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کی کوشش کی جائے

سٹیل شاپ میں فرنس آرک مشینری کی تنصیب اگلے سال جنوری تک ہر حالت میں مکمل کی جائے، وزیر ریلویز

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر ریلویز خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ آئندہ کوئی بھی پراجیکٹ 2 یا زیادہ سے زیادہ 3 سال کے لئے تیار کیا جائے۔ اداروں کی قیمت بڑھنے سے ریلوے کے ترقیاتی پراجیکٹس کی لاگت بھی بڑھ جاتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ریلوے کے ترقیاتی منصوبوں سے متعلق جائزہ اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔ خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ ریلوے کے تمام پراجیکٹس مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کی کوشش کی جائے۔ سٹیل شاپ میں فرنس آرک مشینری کی تنصیب 31 جنوری 2023 تک ہر حالت میں مکمل کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ لوکوموٹیو اور کوچز کی مرمت اور بحالی بقیہ نمبر8 صفحہ 3 پر

نوشکی میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نظام رحیم بلوچ نے بچے کو انسداد پولیو کے قطرے پلا کر مہم کا افتتاح کر دیا

نوشکی (خ ن) نوشکی میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نظام رحیم بلوچ نے بچے کو انسداد پولیو کے قطرے پلا کر مہم کا افتتاح کر دیا تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نوشکی کے دفتر میں بچے کو دو قطرے پلا کر باقاعدہ مہم کا افتتاح کر دیا اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نوشکی ڈاکٹر عبدالحمید بلوچ، ڈبلیو ایچ او ڈاکٹر جمیل رند، عبداللہ یوسف، انڈس بقیہ نمبر31 صفحہ 3 پر

لاہور: پی ٹی آئی کے کارکنان عمران خان کی نااہلی کے فیصلے کیخلاف ٹائر جلا کر احتجاج کر رہے ہیں

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ EDITORIAL

لکھنے کے خواہشمند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین و خبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

22 اکتوبر 2022ء

کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ اپریل 2021 کے بعد کم ترین سطح پر آنا خوش آئند ہے

کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ اپریل 2021 کے بعد کم ترین سطح پر آنے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ سالانہ بنیادوں پر 72.5 فیصد کم ہو کر ستمبر میں 31 کروڑ 60 لاکھ ڈالر رہ گیا ہے جو اپریل 2021 کے بعد ماہانہ بناد پر سب سے کم ترین اعداد و شمار ہیں اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے اعداد و شمار کے مطابق مالی سال 23-2022 کی پہلی سہ ماہی میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 2 ارب 20 کروڑ ڈالر تک پہنچ گیا جو ایک سال پہلے کے مقابلے میں 37.4 کم ہے تجارتی خسارے میں کمی کی بنیادی وجہ ملک کی کل درآمدات میں 19 فیصد کمی ہے۔ کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ میں کمی سے حکومتی زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ سے ملکی معیشت مستحکم ہوگی اور حکومت کو مزید قرض لینے سے نجات مل جائے گی۔ 2022 کے اسی عرصے کے ایک ارب 90 کروڑ ڈالر کے مقابلے میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 50 کروڑ ڈالر کم ہو گیا خسارے میں کمی کی بنیادی وجہ برآمدات میں 50 کروڑ ڈالر کا اضافہ اور درآمدات میں 20 کروڑ ڈالر کی کمی ہے۔ حکومتی موثر اقدامات سے کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ میں مزید کمی ہوگی اور ملکی معیشت مستحکم ہونے سے ملکی خوشحالی و ترقی کی راہوں پر گامزن ہوگا۔

گرانفروشی کا تدارک ناگزیر ہے

کوئٹہ کو پاکستان کا مہنگا ترین شہر قرار دیا گیا ہے یہ قارئین کیلئے کوئی اچنبھے کی بات نہیں اور نہ ہی کوئٹہ کے شہریوں کو حیرت زدہ کر پائی، کیونکہ کوئٹہ کے عوام کو نہ صرف گرانفروشی کا سامنا ہے بلکہ مہنگائی نے بھی اپنے پنجوں میں جکڑ رکھا ہے۔ ہر دکاندار من مانے ریٹ وصول کر رہا ہے۔
ہر شے دگنے داموں فروخت کرنا ان کا معمول بن چکا ہے۔ اس صورت حال کے پیش نظر گزشتہ دنوں ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی جانب سے گرانفروشوں منافع خوروں اور سرکاری نرخ پر عمل درآمد نہ کرنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 75 دکانداروں کو گرفتار جبکہ 60 سے زائد دکانوں کو سیل کر دیا گیا ڈپٹی کمشنر کوئٹہ شبیک بلوچ کی ہدایت اور عوامی شکایات پر اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ سٹی فاروق عبداللہ نے شہر کے مختلف علاقوں کاسی روڈ، کواری روڈ، جوائنٹ روڈ، اسپنی روڈ، بروری روڈ، فیصل ٹاؤن اور اے ون سٹی میں گرانفروشوں، منافع خوروں اور سرکاری نرخ کے برخلاف فروخت پر گوشت، مرغی، پھل اور سبزیوں کی دکانوں پر چھاپے مارے گئے جس میں 65 افراد گرفتار اور 50 سے زائد دکانوں کو سیل کر دیا گیا جبکہ اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ صدر کی ہدایت پر اسپیشل مجسٹریٹ نے صدر کے علاقے نواں کلی، ائیرپورٹ روڈ عالموں چوک پر گرانفروشوں اور منافع خوروں کیخلاف کارروائی کرتے ہوئے 10 دکاندار گرفتار اور 12 دکانیں سیل کر دیا گیا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ سٹی فاروق عبداللہ نے کہا کہ شہر میں منافع خوری، گرانفروشی اور سرکاری نرخ نامے کے خلاف ورزی کرنے اجازت نہیں دی جائے گی شہر میں منافع خوروں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے گی جبکہ لوگوں کو سہولت فراہم کرنے اور منافع خوروں کو قانون کے شکنجے میں لانے کیلئے کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی اور کوئٹہ کے عوام کو کسی صورت منافع خوروں کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا جائیگا۔ دوسری جانب یوٹیلیٹی اسٹورز نے مختلف اشیاء کی قیمتوں میں کمی کر دی، دالیں 30 روپے، تیل 16 اور گھی 31 روپے فی کلو تک سستا ہو گیا۔
یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن نے مختلف اشیاء کی قیمتوں میں کمی کا اعلان کر دیا، نئی قیمتوں کا اطلاق فوری طور پر ہوگا۔
ترجمان یوٹیلیٹی اسٹورز کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق دالوں کے نرخوں میں 15 سے 30 روپے کی کمی کر دی گئی۔
ترجمان کے مطابق مختلف کمپنیوں کا پریمیم برانڈ گھی اور کوکنگ آئل بھی سستا کر دیا گیا، پریمیم برانڈ گھی 31 روپے اور کوکنگ آئل 16 روپے فی لیٹر سستا ہو گیا، 5 کلو ڈالڈا گھی کی قیمت میں 30 روپے کی کمی کی گئی ہے۔
اعلامیے کے مطابق دال چنا کی قیمت میں 15 روپے فی کلو کمی کر دی گئی، جس کے بعد نرخ 245 سے کم ہو کر 230 روپے فی کلو ہو گئے، دال مسور 15 روپے سستی ہوگئی، جس سے نرخ 310 سے 295 روپے کلو پر آ گئے جبکہ مونگ کی دال 15 روپے کلو سستی ہونے کے بعد 260 سے 245 روپے فی کلو ہو گئی۔
ترجمان کی جانب سے جاری اعلامیے میں بتایا گیا ہے کہ دال ماش دھلی ہوئی 30 روپے فی کلو سستی ہوگئی، جس کی قیمت 410 روپے سے کم ہو کر 380 روپے اور دال مسور ثابت 20 روپے کلو کمی کے بعد 310 سے 290 روپے پر آ گئی۔
نوٹیفکیشن میں مزید بتایا گیا ہے کہ سفید چنا بھی 15 روپے کمی کے بعد 320 سے 305 روپے فی کلو پر آ گیا جبکہ کالا چنا بھی 15 روپے فی کلو سستا ہو گیا، کالے چنے کی قیمت 235 سے کم ہو کر 220 روپے کلو ہو گئی۔
اعلامیے میں بتایا گیا ہے کہ تمام یوٹیلیٹی اسٹورز پر وزیراعظم ریلیف پیکیج کے تحت خصوصی سبسڈی دی جا رہی ہے، اسٹورز پر دستیاب دالوں کا معیار انتہائی اعلیٰ ہے، کارپوریشن اپنے صارفین کیلئے وقتاً فوقتاً سستی اور معیاری اشیاء کا حصول ممکن بنانے کیلئے سرگرم عمل ہے۔
پٹرول سستا، ہائی اسپیڈ ڈیزل اور مٹی کا تیل مہنگا ہونے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے
حالیہ ٹیکس کی شرح کے تحت پیٹرول کی قیمت تقریباً 75.10 روپے فی لیٹر کم ہو کر 214 روپے تک پہنچ جائے گی۔
اکتوبر میں 2022) پٹرول سستا، ہائی اسپیڈ ڈیزل اور مٹی کا تیل مہنگا ہونے کا امکان ظاہر کر دیا گیا تھا۔ حالیہ ٹیکس کی شرح کے تحت پیٹرول کی قیمت تقریباً 75.10 روپے فی لیٹر کم ہو کر 214 روپے تک پہنچ جائے گی۔ ڈان اخبار کی رپورٹ کے مطابق ڈالر کے مقابلے پاکستانی روپے کی قدر میں چودہ فیصد اضافے کے باوجود پیٹرولیم مصنوعات اور ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمتوں میں 5 سے 15 روپے فی لیٹر اضافے کا امکان ہے۔ البتہ اگر موجودہ ٹیکس کی شرح برقرار رہی تو اکتوبر کے بعد آئندہ پندرہ دن کے لیے پیٹرول کی قیمتوں میں تقریباً 11 روپے فی لیٹر کمی کا امکان ہے۔ جبکہ اس کے مقابلے ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت تقریباً 50.11 روپے فی لیٹر اضافہ کے بعد 247 روپے تک پہنچنے کا امکان ہے۔ سبی// مہنگائی عروج پر
سبی// سبی میں مہنگائی کے طوفان نے غریبوں کو اپنے لپیٹ میں لیا ہے
سبی// آٹے کی بوری 10000 روپے میں فروخت ہو رہا ہے، گھی فی کلو 600 روپے، چائے کی پتی فی کلو 950 تک پہنچ گئی ہے اسی طرح سبی شہر میں دال، چاول، چینی، کی قیمتیں بھی آسمان تک پہنچ گئی ہے۔ سبزی کی خرید بھی عوام کی پہنچ سے دور ہو گئی ہے ٹماٹر 400 کلو، پیاز 150 روپے، آلو سرخ 100 روپے اور آلو سفید 50 روپے میں فروخت کیا جا رہا۔ ہوٹل والوں نے چائے کی فی چینک 5 روپے اضافہ کر دیا ہے۔ ہوٹل والوں نے پرائس کنٹرول کمیٹی کے ریٹ ہوا میں اڑا دیئے لوگوں سے فی چینک چائے 35 روپے کے بجائے 40 روپے وصول کر رہے ہیں۔ سرکاری ریٹ فی چینک 35 روپے مقرر ہے کوئی پوچھنے والا نہیں۔ چھوٹا گوشت، بڑا گوشت اور مرغی گوشت کے ریٹ مرضی کے وصول کئے جا رہے ہیں۔
پرائس کنٹرول کمیٹی دکانداروں، سبزی فروشوں، قصابوں اور ہوٹل والوں کو سرکاری نرخ نامہ کا پابند کریں اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی کریں۔ عوامی حلقوں کی جانب سے مطالبہ کیا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆

انٹرنیشنل شیف ڈے

محمد مظہر رشید چودھری

نوجوان موٹیویٹر/پرنسپل کوتھم کالج محمد عثمان ہادی نے انٹرنیشنل شیف ڈے کے موقع پر خصوصی طور پر راقم الحروف کے دفتر آکر تقریب میں شرکت کا دعوت نامہ گزشتہ سوموار کو دیا تھا، بعد ازاں ہر روز فون اور میسج کے ذریعے تقریب میں شریک ہونے کی دعوت دیتے رہے، گزشتہ روز جب مقامی ہال میں چھوٹی بہن سابق سینئر نائب صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن مس صائمہ رشید ایڈووکیٹ اور بیٹیوں ارفع رشید، آئرہ رشید، تزئین اعجاز کے ہمراہ پہنچا تو استقبالیہ پر محمد عثمان ہادی اور کالج کے اساتذہ کو اپنا منتظر پایا، ساتھ کے قارئین کرام؛ کالج آف ٹورزم اینڈ ہوٹل مینجمنٹ (کوتھم) اور چیزیس (Cheezious) فوڈ کے زیر اہتمام انٹرنیشنل شیف ڈے کے موقع پر پروقار تقریب کا انعقاد مقامی ہال میں کیا گیا تھا جس میں سینکڑوں مرد و خواتین، شخصیات نے شرکت کی تقریب کے مہمان خصوصی چیف ایگزیکٹو وہائی چیزیس فوڈ پاکستان وقاص خلیل اور رضوان اعجاز تھے، دونوں نوجوان فوڈ کے کاروبار کو انٹرنیشنل معیار کے مطابق وسعت دینے کے ساتھ ساتھ وطن عزیز کے باصلاحیت نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنے کا عزم رکھتے ہیں، تقریب سے پہلے شیف واک کے بعد غبارے ہوا میں چھوڑے گئے، واک کی قیادت جنرل مینجر چیزیس فوڈ اوکاڑہ محمد حارث قیوم، پرنسپل کوتھم کالج محمد عثمان ہادی نے کی، جس میں ضلع بھر کے شعبہ مرد و خواتین سمیت اساتذہ، طلبہ، سماجی، کاروباری، وکلاء اور صحافیوں نے شرکت کی، تقریب میں شرکت کرنے والے مہمانان اعزازصدارتی ایوارڈ یافتہ نعتیہ شاعر و سابق پرنسپل گریجویٹ کالج اوکاڑہ پروفیسر رضا اللہ حیدر، معروف معتبر شاعر و سابق پرنسپل گوگیرہ کالج پروفیسر احمد ساقی، منفرد اور معروف خطاط اصغر مغل، جنرل سیکرٹری 'ماڈا' و سابق سینئر نائب صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن مس صائمہ رشید ایڈووکیٹ، سینئر صحافی جاوید راہی، راقم الحروف (محمد مظہر رشید چودھری)، بینک مینجر اعجاز علی، کالم نگار سلمان قریشی، معروف نعت خواں پروفیسر امین، ایم مینجر ووکیشنل ٹریننگ کالج لیاقت شہزاد، پرنسپل گورنمنٹ کامرس کالج رانا احسن سلیم، لیکچرار حسن رضا اقبالی، آرٹسٹ غلام مصطفی مغل نے گلدستے پیش کیے گئے، سینئر ہیڈ ماسٹر رانا عابد حسین نے نے اسٹیج سیکرٹری کے فرائض سرانجام دیے، تقریب میں شیف مقابلے میں پہلی تین پوزیشن حاصل کرنے والوں کو شیلڈ اور سرٹیفکیٹس جبکہ دوسرے زائد مقابلے میں حصہ لینے والوں کو سرٹیفکیٹس دیے گئے، شیف بیلٹ کا ایوارڈ کوتھم کالج، چیزیس فوڈ اور دعوت ریسٹورنٹ کے شیفس کو دیا گیا، مہمانان اعزاز اور مہمان خصوصی کو شیلڈز اور گفٹ دیے گئے، تقریب سے پرنسپل کوتھم کالج محمد عثمان ہادی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کالج میں تین سے زائد تین ماہ، چھ ماہ اور دو سال کے کورسز کروائے جا رہے ہیں، پاکستان میں ٹیوٹا (TEVTA) سے رجسٹریشن کے ساتھ بین الاقوامی کالجز کے تعاون سے کورسز کروائے جاتے ہیں، یہاں سے فارغ التحصیل طالب علم وطن عزیز پاکستان اور دنیا کے دیگر ممالک میں باعزت روزگار کما رہے ہیں، تقریب میں اس شعبے سے وابستہ تین سو سے زائد افراد نے شرکت کی، تقریب کے اختتام پر انٹرنیشنل شیف ڈے کے حوالہ سے کیک کاٹا گیا اور پرتکلف ظہرانہ دیا گیا۔

☆☆☆☆☆

اندھیر نگری چوپٹ راج

میر اسلم رند

میں کئی بار لکھ چکا ہوں صوبائی حکومت کی طرف سے دیئے گئے 2016/2017 کے گرانٹ ان ایڈ کے پیسے جو کوئٹہ شہر کے بنیادی مسائل حل کرنے کے لئے متعین کئے گئے ہیں ان پیسوں کو کوئٹہ شہر کے مسائل حل کرنے کے لئے خرچ نہیں کیا جا سکا جس کی وجہ سے آج کوئٹہ شہر میں ہر گلی ہر کوچہ اندھیرے میں ڈوبا ہوا اور ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے 1998 سے پہلے میٹروپولیٹن کوئٹہ اپنی مدد آپ کے تحت اپنے سورس آف انکم سے شہر کے بنیادی مسائل حل کرتا تھا، اس میں صفائی، اسٹریٹ لائٹس، روڈ، نالی شامل تھے، ان کاموں کے لئے آمدنی کا بڑا حصہ آکٹرائے یعنی چونگی سے حاصل کیا جاتا تھا لیکن 1998 میں سابق وزیر اعظم میاں نواز شریف نے چونگی سسٹم ختم کر کے جی ایس ٹی سسٹم شروع کر دیا اور 18 ویں ترمیم میں یہ شق شامل کیا گیا کہ جس شہر میں چونگی کی جتنی آمدنی تھی وہ پیسے جی ایس ٹی کی مد میں وفاقی حکومت ڈائریکٹ لوکل کونسلوں کو مہیا کریگا اور اسکے علاوہ ہر سال جی ایس ٹی کی مد میں ملنے والے فنڈ میں 10 فیصد اضافہ کیا جائیگا، 18 ویں ترمیم کے بعد یہ پیسے ڈائریکٹ صوبے کے اکاؤنٹ میں آنے شروع ہو گئے آئین میں یہ شق شامل کیا گیا کہ آئین A140 سیکشن کے تحت صوبائی حکومتیں جی ایس ٹی کے علاوہ 33 فیصد ترقیاتی فنڈ سے بھی لوکل کونسلوں کو دیا کرینگے، لیکن این ایف سی ایوارڈ کے بعد صوبے کے تمام ایم پی ایز کے منہ بھی پانی بھر آیا انہوں نے اسمبلیوں میں قانون سازی کرنے کی بجائے نالی سڑک۔ بنانا شروع کر دیا 2008 سے پہلے ایک ایم پی اے کا فنڈ 50 لاکھ روپے ہوا کرتا تھا لیکن اچانک اس فنڈ کو 50 کروڑ کر دیا گیا آئین کے تحت جو 33 فیصد ترقیاتی فنڈ لوکل کونسلوں کو دینا تھا وہ ایم پی ایز کو سیاسی رشوت کے طور پر دینا شروع کیا گیا 2013 میں سپریم کورٹ کے فیصلے کے تحت بلوچستان میں بلدیاتی الیکشن کروائے گئے لیکن ترقیاتی فنڈ میں بلدیاتی اداروں کے لئے ایک پیسہ نہیں رکھا گیا اسی دوران پورے بلوچستان کے میئر صاحبان نے ایک احتجاجی تحریک شروع کی ان کا کہنا تھا اگر لوکل کونسلوں کو ترقیاتی فنڈ نہیں دینا تھا تو بلدیاتی الیکشن کیوں کروائیں گئے؟ پھر کولیشن گورنمنٹ نے میئر صاحبان سے مذاکرات کر کے پورے بلوچستان کے ضلعوں کے لئے 10 / 10 کروڑ اور کوئٹہ کے لئے 50 کروڑ روپے گرانٹ ان ایڈ منظور کیا گیا 2014 / 2015 کے پیسوں سے ترقیاتی کام مکمل ہو گئے لیکن 2015 / 2016 کا ٹھیکہ رہونے کے بعد ٹھیکیداروں نے مقابلہ کر کے 50 فیصد بلو پر کام حاصل کر لیا یعنی ٹھیکیداروں نے گورنمنٹ سے کہا آپ کمیشن نہ لیں تو 50 فیصد کم میں کام کرنے کو تیار ہیں اس وقت کے میئر نے تمام ٹھیکیداروں کو ورک آرڈر جاری کر دیئے لیکن آفسروں کی ہٹ دھرمی کی وجہ سے وہ کام آج تک مکمل نہیں ہو سکے ایک بات بتاتا چلوں یہ 124 کام پورے شہر کے 58 وارڈز میں ہونے تھے اور کم ریٹ کی وجہ سے 50 کروڑ کا کام ٹھیکیداروں نے 24 کروڑ میں کرنے کا اگریمنٹ کر لیا
باقی پیسے میٹروپولیٹن کے لئے بچ گئے وہ باقی 26 کروڑ بھی انہی 58 وارڈوں میں خرچ ہونے تھے اسکے علاوہ اس وقت کے میئر نے 30 کروڑ روپے مارکیٹ میں پارکنگ بنانے کے لئے رکھے گئے تھے اب پتہ چلا ہے موجود منسٹر اور ان کے پی ایز نے آفسروں اور ایم پی ایز کے ساتھ ملکر فی بجٹ کے ذریعے بقایا 55 کروڑ روپے کو صوبائی اسمبلی کے نمائیدوں کے تجویز کے ذریعے آج ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دیا ہے اسے کہتے ہیں اندھیر نگری چوپٹ راج ایم پی ایز صاحبان کا اپنے 50 کروڑ سے لیکر 1 ارب کے ترقیاتی فنڈ سے دل نہیں بھرا کہ میٹروپولیٹن کے پیسوں پر لوٹ مار کا پروگرام بنا لیا افسوس صد افسوس سے کہنا پڑتا ہے جو سابقہ کونسلروں کے علاقوں کے پیسے ہیں وہ بھی اپنے نام سے تجویز کر کے ٹھینڈر کروا رہے ہیں حالانکہ سپریم کورٹ کا آڈر ہے کوئی ایم پی اے یا ایم این اے اپنے نام سے کوئی ترقیاتی کام یا فنڈ ٹھینڈر نہیں کروا سکتا۔
اس کالم کے ذریعے میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو، چیف سیکرٹری بلوچستان، سے گزارش کرتا ہوں اس ٹھینڈرز کو فوراً روکا یا کینسل کروایا جائے کیونکہ یہ میٹروپولیٹن اور کوئٹہ کے 58 وارڈوں کے لئے متعین کئے گئے پیسے ہیں اگر ان ٹھینڈروں کو ایم پی ایز کے نام سے کینسل نہیں کیا گیا تو ہم کوئٹہ کے کونسلرز احتجاج کا حق محفوظ رکھتے ہیں اور انشاءاللہ عدالت عالیہ سے بھی رجوع کریں گے کہ 58 وارڈوں کے لئے رکھے گئے اسکیمات کو کیسے بدل کر دوسرے علاقوں میں بدلا جا سکتا ہے اسکے علاوہ کوئٹہ کے تمام کونسلر صاحبان سے گزارش ہے فوراً آپس میں رابطہ کر کے اس نارواسلوک کو روکا جائے۔

باقی سب خیر خیریت ہے

کاشف درویش مندرانی

ہمارے ملک میں تقریباً دس سال قبل خط لکھنے کا بہت رواج ہوتا تھا کہ موبائل فون وغیرہ ابھی اسطرح عام نہ ہوئے تھے اور خطوط میں اکثر کچھ جملے بہت استعمال ہوتے تھے جن میں سے ایک جملہ تھا کہ "باقی سب خیر خیریت ہے" کہتے ہیں کہ ایک گاؤں کا رہنے والا انگلستان چلا گیا تو کچھ عرصہ بعد گاؤں کے رہنے والے اس کے دوست نے اس کو خط لکھ کر حقیقت حال سے اس طرح آگاہی دی کہ "تمھاری بھینس مرگئی ہے باقی سب خیر خیریت ہے۔ تمہارے مکان کی چھت گرگئی ہے باقی سب خیر خیریت ہے۔ تمھاری تمام فصل دریابرد ہوگئی ہے باقی سب خیر خیریت ہے۔ تمھاری ماں بھی مرگئی ہے باقیسب خیر خیریت ہے" جناب من!! ہماری موجودہ اقتصادی سیاسی اور اخلاقی حالت بھی کچھ ایسی ہی ہے کہ شمال سے جنوب تک اور مشرق سے مغرب تک ملک میں ایک بے چینی انتشار اور اضطراب کی حالت ہے کہ جس کا اندازہ آپ سڑکوں پر چلتی پھرتی عوام کی زندہ لاشوں سے لگا سکتے ہیں کہ زیادہ تر لوگ وہ ہیں جن کی ماہانہ آمدنی پندرہ ہزار روپے ہے مگر ان کا بجلی کا بل ستمبر کے مہینہ کا 20 ہزار روپے آ گیا گویا تمبران کیلئے ستمگر بن کر آیا اور قہر ڈھا کر چلا گیا اور اب تو اکتوبر کا مہینہ بھی نیا قہر ڈھانے کے لئے پر تول رہا ہے، صورتحال یہ ہے کہ عوام کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا ہے اور اب وہ بہت تھک چکے ہیں مگر نہایت افسوس کی بات ہے کہ ہمارے "ہر دلعزیز" رہنما منہ میں گھنگھنیاں ڈالے تجاہل عارفانہ کی مجسم تصویر بنے بیٹھے ہیں اور ان کے ارد گرد موجود خوشامدی لوگ ان کے سامنے "سب اچھا ہے" کا راگ الاپتے نظر آتے ہیں اور یہ کہتے چلے جاتے ہیں کہ "باقی سب خیر خیریت ہے" اور یہ رہنما اقتدار کی غلام گردشوں میں محبوس ہو کر رہ گئے ہیں جہاں تک صوبائی حکومتوں کا تعلق ہے تو وہ تو اٹھارہویں ترمیم کے بعد این ایف سی ایوارڈ کے نام پر اربوں روپے وفاق سے بٹورنے کے بعد کسی کو جواب دہ ہی نہیں اور اس وقت سندھ کا علاقہ ابھی تک سیلاب میں ڈوبا ہوا ہے خاص طور پر میرے مندرانی قبیلہ کا علاقہ ضلع جیکب آباد کا وہ علاقہ جو بلوچستان کے بارڈر کے ساتھ لگتا ہے وہاں اس وقت بھی آٹھ آٹھ فٹ پانی کھڑا ہوا ہے اور غیرت مند مندرانی قبیلہ کے لوگ اپنی مدد آپ کے تحت ایک دوسرے کے دست و بازو بنے ہوئے ہیں، مگر وہاں کے صاحب اقتدار لوگ بے شرمی اور ڈھٹائی کی مجسم تصویر بنے ہوئے ہیں اور کسی کو یہ خیال نہیں کہ کھڑے پانی کے نتیجہ میں جو وبائی امراض انسانوں اور مویشیوں میں پھیل رہے ہیں ان کا سدباب کیا جائے دوسری طرف سوات میں دہشت گردوں سے تنگ عوام سراپا احتجاج ہیں مگر حکمرانوں کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگ رہی مگر حکمرانوں کو یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ "ہر کمالے را زوالے" کہ ہر عروج کے بعد زوال آتا ہے اب جب کہ اٹھارہویں ترمیم کے بعد وفاق کمزور تر ہوتا جا رہا ہے کہ جو قرضے بیرونی ممالک سے سود پر لیے گئے وہ وفاق کن ذرائع کو بروئے کار لا کر اتارے گا اس کا تو واضح طور پر یہی جواب ہے کہ بجلی، گیس اور پٹرول کو مہنگا کر دیا جائے مگر یہ تو مسئلہ کا حل نہیں کہ مسئلہ جب ہی حل ہوگا جب تمام صوبے اور وفاق ایک پیج پر ہوں اور متفقہ لائحہ عمل اختیار کریں جس کے ہمیں اس وقت دور دور تک آثار نظر نہیں آ رہے اگر غور کیا جائے تو اس وقت تین صوبے مرکز گریز خیالات رکھتے ہیں اور صرف ایک صوبہ سندھ نام کی حد تک وفاق کے ساتھ کھڑا ہے جو کہ بہت ہی خطرناک بات ہے اور الارمنگ چوایشن ہے کہ جس کا سب سے زیادہ نقصان عام آدمی کو ہو رہا ہے اگر یہی حالت رہی تو خاکم بدہن ملک میں تصادم کا شدید اندیشہ ہے کہ ہر طرف کمزور اور غریب طبقہ کی آہیں کراہیں اور سسکیاں سنائی دیتی ہیں بقول شاعر:

[ہمیں تو گردش حالات پہ رونا آیا!!!
اے رونے والے تجھے کس بات پہ رونا آیا!!!

چمن شہر تاریخ کے بدترین دور سے گزر رہا ہے۔

محمد نسیم رنزو ریار

وہ جو ہمارے آوازیں دباتے ہیں۔
۔ نامعلوم بن کر ہمیں ڈراتے ہیں۔
قارئین کرام ضلع چمن جسکو صوبہ بلوچستان کا دوسرا تجارتی ضلع بھی کہا جاتا ہے۔ اسکے مشرق میں درہ کوژک کے نام سے ایک مشہور بلند بالا پہاڑ واقع ہے جسکے دامن میں بین الاقوامی شاہراہ گزرتی ہے اسی پہاڑ کے دامن میں دنیا کے چند مشہور اور لمبی سرنگوں میں سے ریل کا ایک تاریخی انگریز دور کا سرنگ بھی تعمیر ہے۔ اس پہاڑوں کی شروعات افغانستان کے صوبہ خوست اور پاکستان میں صوبہ خیبرپختون خواہ کے وزیرستان سے ہوتا ہے۔ چمن کے مغرب کی طرف میں لال رنگ کے ریگستانی پہاڑوں کا دلکش منظر بھی دیکھنے کو ملتا ہے۔ جو پڑوسی ملک افغانستان کے ملحقہ علاقہ سپین بولدک سے لیکر پاکستان کے نوشکی علاقے تک پڑے ہیں۔ جنوب کی طرف میں بھی ایک بلند تاریخی پہاڑ ہے جو خواجہ عمران بابا کے نام سے منسوب ہے اسکے تفصیلی بحث تاریخی کتب میں بہت اچھی انداز سے بیان کر چکا ہے۔ شمال کی طرف میں بھی پہاڑی سلسلے کا خوبصورت منظر ہیں جو سردیوں کے موسم میں برف باری سے ڈھانپے ہوتے ہی فضاء اور علاقے کو خوب زیب بخشتی ہے۔ اس پہاڑوں کے دامن میں اور آس پاس بھی بڑی آبادی آباد ہے۔ ان پہاڑوں کا سلسلہ چترال بولان سے کابل تک پہاڑوں سے جا ملتی ہے۔ اس خوبصورت اور چاروں طرف پہاڑوں کی دامن علاقے کو ضلع چمن کہا جاتا ہے۔ چمن بازار اور تجارتی لحاظ سے کاروبار کا ایک عظیم منبع ہے۔ جسکو جاپان۔ امریکا۔ روس اور چین و دیگر ممالک کے تجارتی سامان در آمد کئے جاتے ہیں۔ آبادی کی لحاظ سے چمن میں اکثریت پشتون اقوام کے تین بڑے شاخوں پر مشتمل آبادی قیام پذیر ہے۔ جو اچکزئی۔ نورزئی اور نصرت زئی قبیلوں کے نام و نشان سے شہرت رکھتے ہیں۔ اندازے کے مطابق تقریباً 12 لاکھ آبادی ہے۔ صوبے اور ضلعے کی سطح پر ضلع چمن جو اہمیت کا حامل ہے مگر وہ ترقی اور سہولیات تا حال نہیں دیا گیا ہے۔ روز بروز شہر کی رونق اور خوبصورتی وقت کے خطرناک بدامنی اور روز روز ہڑتالوں سے تباہی کی طرف جاتا جا رہا ہے۔ تاریخ کے بدترین مہنگائی۔۔ بدامنی۔۔ اسٹریٹ کرائمز۔۔ ٹارگٹ کلنگ۔۔ اغواء برائے تاوان۔۔ منشیات کی کھلم کھلے۔۔ آدے غربت۔۔ بے روزگاری۔۔ ناخوندگی۔۔ پسماندگی۔۔ وغیرہ وغیرہ مسائل کے علاوہ سیاسی مخالفت کا شکار ہے۔ وہ جو حق مانگتے ہی اسے جان بحق والی دنیا کو بھیجے ہیں۔ جو آواز اٹھائے اسے اٹھا لیتے ہیں۔ جو ذرا بھی اچھلے اسے دباتے ہیں جو حقوق کا مقدمہ لڑے اس پر خود مقدمہ چلا لیتے ہیں۔ چلی ہے رسم کہ کوئی سر اٹھا کے چلے وہ غدار بنا کر قتل کر دیتے ہیں۔ چمن میں عموماً مجرموں کو باثر اور سیاسی و مالی لحاظ سے طاقت ور ہو تو باعزت طور عدالتوں سے بری ہو جاتے ہیں۔ یہ وارداتیں بھی باثر قوتوں کی کارستانی ہے اسکی روک تھام اور منظر عام پر لانے کیلئے نڈر صحافیوں اور بے پاک صحافت کا ضرورت ہے کہ تمام صحافی متحد ہو کر ایک لمبی جدوجہد کیلئے اکٹھے ہو جائے۔ خود کو بھی اور عوام کو بھی وقت کے غلامی اور مشکل سے نجات دلائیں۔ پہلا قانون فطرت کے مطابق اگر کھیت میں دانہ نہ ڈالا جائے تو قدرت اسے گھاس پھوس سے بھر دیتی ہے اسی طرح اگر دماغ کو اچھی فکروں سے نہ بھرا جائے تو کج فکری اسے اپنا گھر بنا لیتی ہے دوسرا قانون فطرت کے مطابق جسکے پاس جو کچھ ہوتا ہے وہی بانٹتا ہے خوش مزاج افراد خوشیاں غمزدہ افراد غم۔ علماء کرام علوم و فنون دیندار افراد دین اور خوف زدہ لوگ خوف و ہراس بانٹتے ہیں۔ اسی طرح تیسرا قانون فطرت بتاتا ہے کہ آپکو زندگی میں جو کچھ بھی حاصل ہوا اسے ہضم کرنا سیکھیں اسلئے کہ کھانا ہضم نہ ہونے پر بیماریاں۔۔ مال و دولت ہضم نہ ہونے پر ریاکاری بات ہضم نہ ہونے پر چغلی اور تعریف ہضم نہ ہونے پر غرور میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ جسے عداوتیں اور قومی تنازعات جنم لیکر علاقے میں قومیت تعصب اور جنگ و جھگڑوں میں تبدیل ہوتے ہی بہت سے خاندانوں کو متاثر کرتے ہیں۔ اسلئے مزہبی اور سیاسی پارٹیز کو چاہیئے کہ وہ چمن شہر کی بقاء کی سیاست پر ترجیح دیں اپنے ذاتی شخصیت پرستی انا پرستی سیاسی قوت و دباؤ اور لالچ سے بالاتر انفرادی خدمات کے بجائے اجتماعی خدمات کرنے میں کردار ادا کریں۔ کیونکہ ضلع چمن میں ختم نبوت جمعیت علماء اسلام۔ پشتون خواہ میپ۔ عوامی نیشنل پارٹی۔ پاکستان مسلم لیگ ق۔ باپ پارٹی۔ پاکستان مسلم لیگ ن۔ مظلوم اولسی تحریک۔ جماعت اسلامی۔ پاکستان پیپلز پارٹی۔ پی ٹی ایم اسکے علاوہ قومی سطح پر چھوٹے موٹے تحریکیں بھی سیاست کے میدان میں سرگرم ہیں۔ ان تمام مذہبی سیاسی اور قومی قوتوں کے باوجود چمن شہر بازار بندش کا مسئلہ صحتی سہولیات کی فقدان۔ امن کی بدتر صورت حال۔ تعلیمی سہولیات نہ ہونے کے برابر ساتھ دیگر مسائل کا گڑھ بن چکا ہے۔۔۔ بہر حال میں چمن کی صورت حال اور حالت زار پر بات کرتا ہوں کہ دراز عرصے سے اس شہر کی خرابی اور تباہی کے منصوبے تیار کئے جاتے ہیں۔ عوامی حقوق کی غاصبانہ اور اقرباء پروری پر تقسیم در تقسیم کا سلسلے نے زور پکڑ لی ہے۔ اسکے علاوہ رشوت بھتہ خوری کی فہرست میں [نادرا] [واپڈا] [پولیس] ڈیپارٹمنٹس پیش پیش ہیں۔ اسی طرح شہر میں اشیاء خورد نوش کی چیک اینڈ بیلنس بالکل نہیں کیا جاتا ہے۔ ناقص میٹریل کی خرید و فروخت کا بازار گرم ہے۔ سبزی گوشت پرچون اسٹورز سامان دودھ دہی وغیرہ کے سامان کا من مانی قیمت سے بیچا جاتا ہے۔ جعلی ادویات غیر مستند ڈاکٹرز سرعام عوام کی جانوں سے کھیلتے رہتے ہیں۔ سرکاری و پرائیوٹ سطح پر تعلیمی اداروں کی زبوں حالی اور باقاعدہ تعلیمی فنڈز میں خورد برد کا راج چل رہا ہے۔ صبح و شام جام ٹریفک میں پھنسے ہوئے مریض اور ایمرجنسی کے افراد کو درپیش مسائل و مشکلات سرکاری اسپتالوں میں ڈاکٹروں کی غیر حاضری اور غریبوں کو ادویات نہ دینے کی شکایات عدالتوں میں ظلم جبر کی فیصلے روز کا معمول اور چمن شہر کے عوام کا مقدر بن چکا ہے۔ اب اگر ہم اپنے ان غصب شدہ حقوق یا ان ظالموں کیخلاف آواز اٹھاتے ہیں یا اپنے بچوں کی دو وقت روٹی کی خاطر احتجاج کرتے ہیں تو یہاں چمن شہر میں آج کل غداری کا موسم چھایا ہوا ہے۔ جو بھی حکومت کی نااہلی یا قومی و صوبائی نمائندوں اور وزراء کی کرپشن و غیر میرٹ اقدامات سے پردہ اٹھاتے ہیں یا چمن شہر کی موجودہ بدامنی پر کچھ لکھتے یا سچ بولتے ہی اسکو غدار اور ڈکلیئر کر دیا جاتا ہے۔ آئین کی رو سے غداری کا مرتکب کون ہے؟ غداری کا یہ آئینی تصور انتہائی احتیاط سے ترتیب دیا گیا ہے اسلئے ہمارے جو اکثر یہ خیال ہوتا ہے کہ اگر کسی ادارے کیخلاف کوئی بات کریں تو وہ غداری کے زمرے میں اجائے گا۔ آئین پاکستان کا آرٹیکل (6) کہتا ہے کہ ہر وہ شخص غدار ہے جو طاقت کے استعمال یا کسی بھی غیر آئینی طریقے سے آئین پاکستان کو منسوخ تحلیل معطل یا عارضی طور پر معطل کرتا ہے ایسے عمل کرنے کی کوشش اور کرنے والے دونوں غدار ہیں۔ اس اعتبار سے اگر دیکھا جائے تو جن لوگوں نے اپنے عہدے اور طاقت کا ناجائز فائدہ اٹھاتے ہوئے غریب عوام کا جینا حرام کر دیا ہے وہ بھی غدار ہیں۔ یا جن لوگوں نے خفیہ طریقوں سے عوامی حقوق پر ڈھاکہ ڈال کر غصب کیا ہیں وہ بھی غداری کے اس زمرے میں آئے ہیں۔ بلاشبہ اگر ہم عوامی خدمات پر لوگوں کو غدار ٹھہرائیں تو پچھلے چند دو سال ہمارے سامنے ہیں۔ کہ جب عالمی وباء کرونا کی نام سے عوام پر مسلط کر کے تو چمن شہر کے ہر طرف لاک ڈاؤن کا سماں تھا۔ عوام بے روزگاری سے چیخ رہے تھے۔ سب بے روزگار تھی۔ عوامی حقوق یا عالمی صحت ادارے کی جانب سے جاری کردہ فنڈز اس ضلع چمن کے بڑوں اور اسکے مخصوص ٹولے نے ہڑپ کر کے کھایا۔ ایک سروے کے مطابق 12 لاکھ چمن آبادی کے اکثریت روزگار بازار سے مربوط ہے اور بازار سے صوبہ قندھار کے 5 اضلاع سے لیکر صوبہ بلوچستان بالخصوص جنوبی پشتون خواہ میں پشتون بیلٹ کے 14 اضلاع تک کا دارومدار بازار سے وابستہ ہے۔ تقریباً دونوں ممالک کے 19 اضلاع کے ایک کروڑ آبادی کا ذریعہ معاش یہی بازار کا کاروبار ہے۔ پاکستانی حکام کے مطابق کہ پاک افغان بازر سینٹرل ایشیاء کے تجارت کا مین گیٹ وے ہے۔ پاکستان کے کئی اضلاع سے میوے اور دیگر اشیاء وہاں جاتے ہیں۔ مثلاً پاکستان سے چاول اور موسم سرما میں مالٹہ تاجکستان قرغستان ترکمانستان ازبکستان تک جاتی ہے اور وہاں لوہا وغیرہ سامان اسی بازار اور چمن کی راستے سے پنجاب کے میلہ تک پہنچ جاتی ہے۔ چمن پاک افغان بازار ایک عالمی تجارتی لنک ہے۔ جسے کروڑوں میں افراد مستفید ہوتے رہتے ہیں۔ اور موجودہ سی پیک بھی اسی وسطی ایشیاء تک ہے۔ اس میں چمن پاک افغان بازار کا ایک بڑا رول ہے۔ بدقسمتی سے اس عالمی تجارت کا واحد ذریعہ کو گوں نا گوں مسائل اور بہانے پر بھی کبھار سیل کیا جاتا ہے۔
جسکے کیخلاف کئی بار تحریک نے مسلسل دو مہنوں تک بازار کھولنے کیلئے دن رات احتجاج دھرنے اور جلسے کئے گئے ہیں۔۔ اس میں لغاری بیچ 15000 خاندان پیٹ پالتا ہے۔ مگر صوبائی اور ایف سی کے اعلیٰ عسکری قیادت اپنے معاہدوں کو پایہ تکمیل تک نہیں پہنچا سکتا ہے تو ایسی صورت میں ہم سب کو باہمی بروقت اتحاد کرنے کا اشد ضرورت ہے کہ ہم ذاتی مفادات تعلقات سے ہٹ کر ایف سی اور صوبائی حکومت سے عوام کو درپیش مسائل کا حل نکالیں جب ہم ضلع چمن کے موجودہ صورت حال کو دیکھتے ہیں تو دکھائی دیتا ہے کہ اس شہر کو ایک بار پھر 2008 کی صورت حال کی طرف دھکیل رہا ہے۔ میں فقط اتنی کہہ سکتا ہوں۔ کہ{انصاف کرو ورنہ یاد رکھنا حضرت صالح علیہ سلام کی اونٹنی کے قاتل صرف چار لوگ تھے مگر غرق پوری قوم ہوگئی کیونکہ باقی لوگوں کا جرم خاموش رہنا تھا۔

☆☆☆☆☆

ایٹمی پروگرام گیا تو ہمارا حال بھی یوکرائن جیسا ہوگا!

لیفٹیننٹ کرنل (ر) غلام جیلانی خان

ابھی دو روز پہلے چیئرمین تحریک انصاف عمران خان نے ایک پریس کانفرنس میں امریکی صدر بائیڈن کے اس بیان پر کہ پاکستان کے جوہری پروگرام میں کوئی ربط و ضبط نہیں ہے اور پاکستان ایک خطرناک ترین ملک ہے، تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ "اگر ہمارا ایٹمی پروگرام گیا تو ہمارا حال بھی یوکرائن جیسا ہوگا"۔ اگرچہ یہ فقرہ خان صاحب کی زبان سے اضطراری طور پر نکل گیا لیکن اس میں حقیقت کا پورا ایک جہان آباد ہے۔
بائیڈن نے گزشتہ ہفتے کانگریشنل کمیٹی کے ایک استقبالیے میں تقریر کرتے وہی کچھ فرمایا تھا جس کا ذکر سطور بالا میں کیا گیا ہے۔ جہاں تک پاکستان کے خطرناک ترین ملک ہونے کا ذکر ہے تو یہ امریکیوں کا ایک پرانا فقرہ اور وتیرہ ہے لیکن آج تک کسی امریکی صدر نے یہ الفاظ نہیں کہے تھے اور نہ ہی گزشتہ 24 برسوں (1998 تا حال) میں کسی نے پاکستانی جوہری پروگرام کو بے ربط کہا تھا۔ نجانے بائیڈن کے ذہن میں without cohesion کا مطلب کیا تھا۔
پاکستان کی وزارت خارجہ نے فوراً امریکی سفیر کو طلب کیا اور اسے حسب ضابطہ ایک "ڈی مارش" تھمادیا لیکن کمان سے نکلا ہوا تیر اور زبان سے نکلا ہوا لفظ تو واپس نہیں آتا۔ یہ تبصرہ، امریکی صدر کے دل کی آواز تھا۔ اس پر پاکستان کی حکومت اور اپوزیشن نے اپنے اپنے انداز میں امریکی صدر کو جواب دے دیا ہے۔
ہمارے جوہری ہتھیاروں میں نظم و ضبط کا جو معیار ہے اس پر یورپ اور امریکہ سمیت تمام دنیا نے بارہا تبصرہ کیا ہے اور اسے محفوظ ٹھہرایا ہے۔
بندہ پوچھے کہ صدر امریکہ کے پیٹ میں یکایک ہمارے جوہری اثاثوں کے غیر مربوط ہونے کا مروڑ کیوں جاگا؟ لیکن دو دن بعد امریکیوں نے 'یوٹرن' لیا اور پاکستان کے جوہری وارہیڈز کو محفوظ قرار دے دیا۔ اللہ اللہ خیر سلا ...... دنیا کی واحد سپر پاور کا صدر ہونے کے ناتے پہلے بائیڈن کا یہ تبصرہ اور پھر ایک دم چھلانگ لگا کر اکھاڑے سے باہر نکل جانا ناقابل یقین حد تک حیران کن ہے۔
بائیڈن کی عمر معقول مزاج ہونے کی نہیں۔ اس قسم کی تقریبات میں ایک ایک لفظ نہایت سوچ بچار کے بعد بولا جاتا ہے۔ ان کی تقریر کے اور پہلو بھی تھے جن میں چین، روس اور انڈیا کا ذکر کیا گیا تھا۔ لیکن چونکہ یہ پالیسی خطاب نہیں تھا اس لئے کہا جا سکتا ہے کہ ایک خیراتی ادارے کی تقریب میں اس طرح کے تبصراتی جملے بلکہ پیراگراف ارتجالاً بھی زبان سے پھسل جاتے ہیں اور یہ پھسلاؤ امریکیوں کے لئے نیا نہیں۔ ان کی تاریخ یہی ہے۔
بائیڈن کے بیان پر عمران خان کا تبصرہ البتہ ایک تلخ حقیقت کی خبر دیتا ہے۔ سوال کیا جا سکتا ہے کہ اگر پاکستان کے پاس آج جوہری ہتھیار (بم اور میزائل) نہ ہوتے تو ہمارا حال کس طرح یوکرائن جیسا ہوتا۔ اگرچہ اس کا کوئی کھلا ثبوت موجود نہیں لیکن کہا جاتا ہے کہ پاکستان، در پردہ یوکرائن کی مدد کر رہا ہے۔ اسلام آباد اگرچہ اس قابل نہیں کہ کیف کو کوئی ایسے جدید ہتھیار دے سکے جو دوسرے یورپی اور امریکی ممالک دے رہے ہیں لیکن افواہیں تو چلتی رہتی ہیں، ان کو روکا نہیں جا سکتا۔ آیئے ایک مختصر سا جائزہ اس امر کا لیتے ہیں کہ پاکستان کے پاس اگر جوہری اثاثے نہ ہوتے تو وہ کس طرح یوکرائن کی "ہمسری" کر سکتا تھا ...... میرے نزدیک اس فقرے کے دو پہلو قابل غور ہیں .... ایک یہ کہ یوکرائن کا وہ حال زار کیا ہے جس کی طرف خان صاحب نے اشارہ کیا ہے اور جوہری اثاثوں کے منضبط ہونے یا نہ ہونے کا یوکرائنی بیک گراؤنڈ کیا ہے ..... موخر الذکر پہلو کا ذکر پہلے کر لیتے ہیں ......
1991ء میں جب سوویت یونین تحلیل ہوا تھا تو آزاد ہونے والی 15 ریاستوں میں یوکرائن بھی شامل تھا۔ یوکرائن ایک بڑا ملک ہے اور دو باتوں کے لئے دنیا بھر میں مشہور ہے۔ ایک یہ کہ اس کی دفاعی ساز و سامان کی پروڈکشن کا سکیل بے محابا ہے اور دوسرے یہ ملک آدھی دنیا کو گندم دینے والا واحد یورپی ملک ہے۔ خود پاکستان بھی ایک طویل عرصے سے یوکرائنی گندم کا خریدار ہے۔ آزادی سے پہلے 1990ء تک یوکرائن میں سوویت یونین نے جوہری وار ہیڈز کا ایک بڑا ذخیرہ سٹور کر رکھا تھا۔ لیکن آزادی دینے سے پہلے روسیوں نے ان جوہری بموں کو واپس لے لیا۔ اگر آج یوکرائن کے پاس وہ بم ہوتے تو ماسکو، کیف پر تابڑ توڑ حملے نہ کرتا .... عمران خان نے اسی یوکرائنی بے بسی کی طرف اشارہ کیا ہے۔
اور جہاں تک روس۔ یوکرائن کی باہمی جنگ کی صورت حال کا تعلق ہے تو باوجود اس کے کہ سارا مغربی یورپ اور امریکہ یوکرائن کو جدید ترین اسلحہ اور گولہ بارود فراہم کر رہا ہے (جاری ہے)

کچن گارڈننگ

سہیل بشیر منج

جیسا کہ آپ سب جانتے ہیں کہ پاکستان اس وقت سیلاب کی تباہ کاریوں کی زد میں ہے سیلابی ریلے گزرے تقریباً ایک ماہ سے زیادہ ہو چکا ہے لیکن پھر بھی سندھ، بلوچستان اور پنجاب کی زمینوں پر پانی کھڑا ہے اور جہاں سے پانی نکل گیا وہاں بھی زمین کاشت کے قابل نہیں ہیں جہاں سیلابی ریلوں نے پاکستان میں ہر طرح تباہی مچائی وہاں پر فصلیں بھی بہالے ملک میں اس وقت سبزیوں کی شدید قلت ہے جو بحران کی صورت اختیار کرتی جا رہی ہے چونکہ اس وقت ہندوستان سے بھی سبزیاں نہیں آ رہیں اس لیے طلب اور رسد میں فرق کی وجہ سے سبزیوں کی قیمتیں ناقابل برداشت ہو چکی ہیں ابھی یہ صورت حال مزید طوالت اختیار کرے گی اور آئندہ ماہ اگر زمینیں قابل کاشت ہو بھی جاتی ہیں اور ان پر سبزیاں جو بھی لگائی جاتی ہیں پھر بھی پھل آنے میں کافی وقت لگے گا اور فی الحال اس کا کوئی متبادل حل بھی نظر نہیں آ رہا۔
حکومت پنجاب گزشتہ کئی سالوں سے کچن گارڈننگ کے فروغ کے لیے باقاعدہ کمپین چلا رہی ہے تاکہ ملکی غذائی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے عوامی تعاون سے آسانی پیدا کی جاسکے اور بلاشبہ یہ قابل تعریف قدم ہے پاکستان، ہندوستان ملائیشیا، تھائی لینڈ، یورپ، برطانیہ، ترکی سمیت دنیا کے بیشتر ممالک میں کچن گارڈننگ کا رجحان بہت تیزی سے بڑھ رہا ہے ہمیں بھی اسے فروغ دینا ہوگا تاکہ ہمیں ہر وقت تازہ اور صحت مند سبزیات اپنے گھر سے حاصل ہو سکیں۔
اگر آپ تھوڑی سی محنت کر لیں اور اپنے ٹیرس بالکونی اور گھر کی چھت پر سبزیاں اگانا شروع کر دیں تو بہت ہی سستے داموں تازہ سبزیوں کا حصول اپنے گھر سے ہی ممکن ہو سکے گا ہمیں اس پروجیکٹ کی حوصلہ افزائی کرنی ہوگی اگر آپ اپنے گھر کی ضرورت کے مطابق سبزیاں خود اگانا شروع کر دیں تو اس سے مارکیٹ میں سبزیوں کی طلب میں خاصی کمی واقع ہوگی اور جو لوگ کچن گارڈننگ نہیں کر سکتے انہیں سستے داموں سبزیاں ملنا شروع ہو جائیں گی۔
اس وقت اکتوبر چل رہا ہے جو سبزیاں اگانے کے لیے بہترین موسم ہوتا ہے اس موسم میں لہسن پیاز، سبز مرچ، دھنیا، پودینہ، پالک، مولی، گاجر، آلو، لیسن، ہلدی، شملہ مرچ، بینگن اور بہت سی دوسری سبزیاں اگائی جا سکتی ہیں یہ آپ کو فرصت کے لمحات میں مصروف رکھیں گی میں گزشتہ دس سالوں سے اپنے گھر کی چھت پر کچن گارڈننگ کر رہا ہوں اس وقت میرے گھر میں پودینہ، دھنیا، لہسن، پیاز، پالک، مٹر، سبز مرچ سلاد پتا، چقندر، مولی، گاجر، بینگن وغیرہ کی بوائی ہو چکی ہے اور بہت جلد مجھے اپنی چھت سے تازہ سبزیاں ملنا شروع ہو جائیں گی آپ بھی ایسا کر لیں اس کے لیے کوئی لمبی چوڑی انویسٹمنٹ کی ضرورت نہیں ہے آپ کسی کباڑ کی دکان سے پینٹ والی بالٹیاں، ٹوٹی ہوئی ٹینکیاں، یا کوئی بھی اس طرح کے برتن جس میں مٹی ڈالی جا سکے لے آئیں اس اتوار کو موٹر سائیکل نکالیں کہیں سے مٹی کے بیگ، ریت اور گوبر کا انتظام کریں مٹی تیار کرنے کے بعد کسی بھی بیج والی دکان سے موسمی سبزیوں کے بیج لے آئیں اور انہیں لگا دیں اس پروجیکٹ کے لیے آپ کو بہت سی چیزیں گھر سے ہی میسر آ جائیں گی۔
میرے اکثر کالموں میں بچت کا ذکر آتا ہے تو میرے بہت سے احباب اس پر تنقید کرتے ہیں کہ کیا آپ ہر وقت بچت کا راگ الاپتے رہتے ہو تو میں ان احباب سے گزارش کرتا چلوں کہ میرے زیادہ تر قارئین کا تعلق مڈل کلاس طبقے سے ہے اور میرا بھی۔ جنہیں اشیا کی قیمتیں بڑھنے سے بہت فرق پڑتا ہے اس لیے میری کوشش ہوتی ہے کہ میں اپنے ان بھائیوں کی رہنمائی کر سکوں جنہوں نے ایک محدود بجٹ میں مہینے کے دنوں کو میچ کرنا ہوتا ہے۔ اس وقت کچن گارڈننگ کوئی مشکل کام نہیں رہا یوٹیوب پر آپ کو ہر چیز اگانے کے صحیح وقت طریقہ کار اور حفاظت کے لیے تمام ترکیبیں آسانی سے مل جاتی ہیں ڈاکٹر شہزاد بسرا صاحب میرے بہت اچھے دوست ہیں جو حال ہی میں زرعی یونیورسٹی فیصل آباد سے پروفیسر کے عہدے سے ریٹائر ہوئے ہیں انہوں نے ایک یوٹیوب چینل بنا رکھا ہے یا فرحان اقبال کا زراعت ٹی وی کے نام سے زرعی رہنمائی کا ایک چینل ہے آپ اسے سبسکرائب کر لیں وہاں سے آپ کو ہر طرح کی مکمل رہنمائی مل جائے گی آپ کو بس وقت نکالنا ہے آپ کی تھوڑی سی محنت آپ کی فیملی کے لئے آسانیاں پیدا کر سکتی ہے ہمت کریں یہی دن ہیں کیونکہ اگر آپ اکتوبر نومبر میں سیڈنگ نہ کر سکے تو پھر مارچ اپریل میں کر سکیں گے یہ ایک دفعہ کا خرچ ہے اور آپ کو کئی سالوں تک بہت سستی سبزیاں فراہم کرتا رہے گا۔
لاہور اور پنجاب کے بہت سے شہروں میں لوگ اپنے گھروں کی چھتوں پر سبزیاں اگا کر نہ صرف اپنے گھر کی ضرورت پوری کر رہے ہیں بلکہ یہ آرگینک سبزیاں اپنے محلے میں فروخت کر کے اچھے پیسے بھی کما رہے ہیں آپ بڑے پیمانے پر نہ کریں لیکن اتنا ضرور کر لیں کہ آپ کو اپنے گھر کی ضرورت کے لیے ہر وقت گھر سے ہی تازہ سبزیاں میسر ہوں میری آپ سے گزارش ہے کہ آپ ایک سیزن کچن گارڈننگ کر کے دیکھ لیں آپ خود اندازہ کر لیں گے کہ یہ پروجیکٹ تازہ آرگینک سبزیوں کے ساتھ اچھی خاصی بچت بھی دے گا میرا دعویٰ ہے کہ اگر آپ اس سال یہ خرچہ کر گئے تو پھر آپ بھی میری طرح کچن گارڈننگ فیملی کے مستقل رکن بن جائیں گے میرے خیال میں آپ کی کچن گارڈننگ آپ کی فیملی کے ساتھ ساتھ ریاست کو فائدہ پہنچانے کا بھی سبب بنے گی ہمیں ہر پل اس کوشش میں رہنا چاہیے کہ ہماری وجہ سے ریاست کو کچھ نہ کچھ فائدہ ضرور ملے۔

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: ڈاکٹر خرم شہزاد سب ایڈیٹر: نجم بلوچ فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234۔ میاں جزاک اللہ ریذیڈنٹ ایڈیٹر اسلام آباد۔ آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل الحق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد۔ موبائل 0300-9847010۔ فون نمبر 051-8311430 فیکس نمبر 051-8311450۔ ای میل isb33@yahoo.com

شال بقیہ 1

وزیراعظم کے منصب کو ذاتی آمدنی کا ذریعہ بنایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ "صداقت، دیانت" کا بت پاش پاش ہو گیا، قانون سے لڑنے، گولیاں، ڈنڈے چلانے اور فسادی جتھے لانے کے بجائے قانون کے سامنے سر جھکائیں، کوئی قانون سے بالا نہیں ہے۔ اس سے قبل چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری اور سربراہ پی ڈی ایم مولانا فضل الرحمان نے بھی اپنے ردعمل کا اظہار کیا تھا۔ دریں اثناء وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان ترقی یافتہ ممالک کی پیدا کی ہوئی موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کا خمیازہ بھگت رہا ہے، حکومت موسمیاتی تبدیلی میں کارگر عناصر کی روک تھام کو اپنی اولین ترجیحات میں شامل کر رہی ہے، حکومت الیکٹرک وہیکلز کی تعداد میں اضافے اور اس کیلئے ملک بھر میں وسیع پیمانے پر انفراسٹرکچر کی تعمیر کی جامع حکمت عملی پر عملدرآمد کرے گی۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت ملک میں پبلک ٹرانسپورٹ میں الیکٹرک بسوں کی شمولیت، الیکٹرک وہیکلز کی صنعت و معاون انفراسٹرکچر کی تعمیر اور قابل تجدید توانائی کے ذرائع پر اعلیٰ سطح کا اجلاس ہوا، اجلاس کو پبلک ٹرانسپورٹ میں الیکٹرک بسوں کی شمولیت کے حوالے سے تجاویز پیش کی گئیں۔ اجلاس کو دنیا بھر میں موجود الیکٹرک بسوں و گاڑیوں کی صنعت اور پاکستان میں اس صنعت کی تعمیر کے حوالے سے بھی تفصیلی طور پر آگاہ کیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ پاکستان میں الیکٹرک بسوں و گاڑیوں کیلئے صنعت و انفراسٹرکچر کی تعمیر سے نہ صرف پاکستان کے درآمدی بل میں خاطر خواہ کمی آئے گی بلکہ اس صنعت کی تعمیر سے ملک میں بیرونی سرمایہ کاری اور روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ وزیراعظم کی متعلقہ حکام کو اس حوالے سے جامع پلان جلد پیش کرنے کی ہدایت۔ وزیراعظم نے وزارت صنعت و پیداوار، پاور ڈویژن اور سرمایہ کاری بورڈ کو اس شعبے میں سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کی بھی ہدایات جاری کر دیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان ترقی یافتہ ممالک کی پیدا کی ہوئی موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کا خمیازہ بھگت رہا ہے۔

شال بقیہ 2

پر 19 ستمبر کو فیصلہ محفوظ کیا گیا تھا۔ قبل ازیں توشہ خانہ ریفرنس کا فیصلہ سنائے جانے کے سلسلے میں وفاقی دارالحکومت میں سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے۔ پی ٹی آئی کارکنوں کے ممکنہ احتجاج کے پیش نظر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کی بھاری نفری کو تعینات کیا گیا۔ فیصلے سے قبل پی ٹی آئی کے رہنما فواد چوہدری، اسد عمر الیکشن کمیشن کی دیوار پھلانگ کے اندر داخل ہوئے۔ الیکشن کمیشن میں سکیورٹی انتظامات کے پیش نظر رینجرز، ایف سی اور پولیس اہلکار بڑی تعداد میں تعینات کیے گئے اور اسلام آباد انتظامیہ نے آنسو گیس کے شیلز بھی الیکشن کمیشن پہنچائے گئے۔ قبل ازیں الیکشن کمیشن نے اس حوالے سے ہنگامی اجلاس طلب کیا تھا اور چیف الیکشن کمشنر اور کمیشن کے دیگر تمام ارکان بھی اجلاس میں پہنچے تھے جہاں انہیں سکیورٹی سے متعلق امور اور انتظامات پر انتظامیہ کی جانب سے بریفنگ دی گئی۔ دوسری جانب الیکشن کمیشن کی سکیورٹی سے متعلق حکام نے کہا کہ الیکشن کمیشن کے اطراف سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں، ایک ایس ایس پی، 5 ایس پیز، 6 ڈی ایس پیز سمیت 1100 سے زائد اہلکار تعینات کیے گئے ہیں۔ واضح رہے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والے ایک آڈیو پیغام میں مبینہ طور پر پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے صدر پرویز خٹک نے پارٹی کارکنوں سے کہا کہ وہ توشہ خانہ ریفرنس کا فیصلہ خلاف آنے پر سڑکوں پر نکلیں اور تمام اضلاع میں احتجاج کریں۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز ہی الیکشن کمیشن نے پی ٹی آئی چیئرمین کے خلاف توشہ خانہ ریفرنس کیس کے فیصلے کے موقع پر ہنگامی بنیاد پر فول پروف سکیورٹی فراہم کرنے کے لیے بھی خط لکھا تھا۔ انسپکٹر جنرل پولیس اسلام آباد کے نام خط میں کہا گیا تھا کہ چیف الیکشن کمشنر کی سربراہی میں سماعت کے دوران کمیشن کے اندر اور اطراف میں فول پروف سکیورٹی فراہم کی جائے جو 21 اکتوبر 2022 کو صبح 10 بجے شروع ہوگی۔ آئی جی کے نام خط میں بتایا گیا تھا کہ درخواست گزار اور مدعا علیہان کو نوٹسز جاری کر دیئے گئے ہیں اور اس دوران کسی قسم کے ناخوشگوار واقعے سے بچنے کے لیے پورے دن الیکشن کمیشن کی عمارت کے اندر اور باہر سادہ لباس میں 2 اہلکاروں اور ایک ٹریفک وارڈن سمیت فول پروف سکیورٹی فراہم کی جائے۔ خط میں واضح کیا گیا تھا کہ اس معاملے کو انتہائی ہنگامی بنیاد پر لیا جائے۔ الیکشن کمیشن نے سابق وزیراعظم عمران خان کے خلاف دائر توشہ خانہ ریفرنس پر فیصلہ 19 ستمبر کو محفوظ کیا تھا۔ سماعت کے دوران مسلم لیگ (ن) کے وکیل خالد اسحٰق نے موقف اپنایا تھا کہ ریفرنس میں سوال عمران خان کی جانب سے تحائف ظاہر نہ کرنے کا تھا اور عمران خان نے جواب میں تحائف کا حصول تسلیم کیا ہے اور یہ بھی تسلیم کیا کہ تحائف گوشواروں میں ظاہر نہیں کیے۔

شال بقیہ 3

گا۔ جنرل قمر جاوید باجوہ نے اپنے بیان میں کہا کہ فوج اب سیاست میں کردار ادا نہیں کرے گی۔ یاد رہے کہ اس سے قبل بھی آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کی جانب سے واضح کیا گیا تھا کہ وہ ایکسٹینشن نہیں لیں گے۔

شال بقیہ 4

میں الیکشن کمیشن نے صبر و تحمل کا مظاہرہ کیا، پی ٹی آئی والے ناانصافی کا شور مچا رہے ہیں حالانکہ ناانصافی اس صورت میں ہوتی ہے جب قانون کسی چیز کا احاطہ نہ کرتا ہو، عوام کے منتخب نمائندے کے طور پر انتخاب کے دوران گوشوارے جمع کرانے ہوتے ہیں، اس انتخاب کے بعد ہر سال گوشوارے جمع کرانے ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس گوشوارے خفیہ دستاویزات ہوتے ہیں جو ایف بی آر اور ٹیکس دہندہ کے درمیان معاملہ ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ منتخب نمائندے کو پابند کیا گیا کہ وہ اپنے گوشوارے ہر سال 31 دسمبر تک جمع کرا دے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے 2019، 2020، اور 2021، میں اپنے گوشواروں میں بیرون ملک ملنے والے تحائف ظاہر نہیں کئے، انہیں خوف تھا کہ اگر وہ یہ گوشوارے ظاہر کر دیتے تو ان کی بدیانتی سامنے آجاتی اور عوام ان سے اس حقیقت کے بارے میں سوال پوچھتے۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن نے عمران خان کو پانچ سال کیلئے نااہل قرار دیا ہے اور ان کے خلاف فوجداری کارروائی کرنے کا بھی کہا ہے کیونکہ عمران خان نے الیکشن کمیشن کے سامنے جھوٹ بولا، عمران خان نے بیرون ملک سے تحائف لئے اور خود بیچ دیئے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کے خلاف دستاویزی ثبوت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ جتھے لے کر شہروں پر حملہ آور ہو رہے ہیں، کہتے ہیں کہ سب کچھ جام کر دیں گے، الیکشن کمیشن کے سامنے قانون کو ہاتھ میں لیا گیا اور گولی چلانے سے بھی گریز نہیں کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کو قانون کا سامنا کرنا چاہئے، پہلے عمران خان کی فارن فنڈنگ پکڑی گئی، اب ان کی چوری پکڑی گئی ہے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے انسداد منشیات عطاء تارڑ نے کہا کہ عمران خان نے تحائف بیچے، ان کی چوری کی، ان سے ملنے والی رقم چھپائی، انہوں نے بینک سٹیٹمنٹ دینے سے انکار کیا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے بدترین چوری کی ہے جس کی تاریخ میں مثال نہیں ملتی۔

شال بقیہ 5

جب پاکستان پولیو فری ممالک میں شامل ہوگا۔ پولیو ہیروز کو سلام پیش کرنے کے پروگرام سے اپنے خطاب میں چیف سیکرٹری نے کہا کہ بدقسمتی سے پولیو جہاں بچوں کو جسمانی معذور کرتا ہے، وہیں بچوں کی جان بھی چلی جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس وقت دنیا میں پولیو کا خاتمہ ہوگیا ہے مگر بدقسمتی سے پاکستان اور افغانستان میں تاحال پولیو وائرس موجود ہے۔ عبدالعزیز عقیلی نے کہا کہ بلوچستان سمیت پورے ملک میں پولیو ورکرز نے قربانیاں دی ہیں اور ان کی خدمات قابل تحسین ہیں، جن کی کوششوں سے ملک میں پولیو کیسز کی شرح میں کسی حد تک کمی واقع ہوئی ہے، تاہم اب تک اس مرض کا مکمل طور پر خاتمہ نہیں ہوسکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ رواں برس پاکستان میں 10 ماہ میں 20 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں، لیکن خوش قسمتی کی بات یہ ہے کہ گزشتہ 18 ماہ سے بلوچستان میں کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا ہے اور ہماری بھرپور کوشش ہے کہ بلوچستان کو پولیو فری بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پولیو کے خاتمہ کے لیے تمام وسائل کو 65 فیصد سے بڑھا کر 98 فیصد کرنا ہے، اس مقصد کے لیے بہترین کارکردگی دکھانے والے کارکنوں کو کیش ایوارڈ بھی دیئے جائیں گے۔ چیف سیکرٹری بلوچستان نے خیبر پختونخوا میں پولیو وائرس کی موجودگی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کے پی کے اور افغانستان میں وائرس کی موجودگی کے باعث بلوچستان میں بھی خطرہ موجود ہے۔ تاہم بلوچستان کو لگنے والے بارڈرز پر خطرہ لاحق کے باعث خصوصی ٹیمیں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے لئے موجود ہیں۔ ایمرجنسی آپریشن سینٹر بلوچستان کے کوآرڈینیٹر سید زاہد شاہ نے عالمی دن کے حوالے سے منعقدہ انسداد پولیو کی ایوارڈ تقریب میں شرکت پر تمام مہمانان کا شکریہ ادا کیا اور خصوصاً چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی کا شکریہ ادا کیا، جو فرنٹ لائن ورکرز کی حوصلہ افزائی کے لیے یہاں تشریف لائے۔ انہوں نے حکومت بلوچستان، یونیسف، عالمی ادارہ صحت، ضلعی انتظامیہ، سکیورٹی ادارے، علماء کرام، قبائلی عمائدین اور دیگر پارٹنر اداروں کا بھی شکریہ ادا کیا۔ جن کے بھرپور تعاون سے صوبے میں پولیو کے خاتمے کے لئے اپنی سرگرمیاں انجام دی جاری ہیں۔

شال بقیہ 6

ہوئے کہا کہ الیکشن کمیشن نے امپورٹڈ حکمرانوں کی خوشنودی کیلئے ایک شرمناک فیصلہ دیا ہے جسے پاکستان اور بلوچستان کے عوام کسی بھی صورت قبول نہیں کریں گے پاکستان کے عوام نے امپورٹڈ حکمرانوں کو مسترد کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان پی ڈی ایم اور امپورٹڈ حکمرانوں کی بی ٹیم کا کردار ادا کر رہا ہے پی ٹی آئی کو الیکشن کمیشن سے اسی فیصلے کی توقع تھی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف پہلے ہی الیکشن کمیشن پر عدم اعتماد کا اظہار کر چکی ہے اور ان کے کسی بھی فیصلے کو قبول نہیں کریگی پی ٹی آئی الیکشن کمیشن کے فیصلے کو اعلیٰ عدلیہ میں چیلنج کریگی اور ہمیں امید ہے کہ عمران خان کو انصاف ملے گا اور وہ باعزت بری ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن کے فیصلے کے بعد پی ٹی آئی کے کارکنوں اور عوام کی جانب سے ملک بھر میں احتجاج اس بات کی دلیل ہے کہ عمران خان ملک کے سب سے مقبول لیڈر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امپورٹڈ حکمرانوں کے خلاف آواز بلند کرنے کی پاداش میں پی ٹی آئی کے قائدین کو انتقامی کارروائیوں کا نشانہ بنایا جا رہا ہے لیکن ہم امپورٹڈ اور نااہل حکمرانوں کو بتا دینا چاہتے ہیں کہ ایسے اوچھے ہتھکنڈوں سے پی ٹی آئی کے کارکن مرعوب نہیں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن کے فیصلے کے خلاف ملک بھر میں عوام سڑکوں پر نکل آئے ہیں جنہیں اب روکنا امپورٹڈ حکمرانوں کے بس کی بات نہیں ہے اگر امپورٹڈ حکمرانوں نے کارکنوں کے خلاف طاقت کا استعمال کرنے کی کوشش کی تو اس سے ملک کے حالات خراب ہوں گے جس کی تمام تر ذمہ داری امپورٹڈ اور نااہل حکومت پر عائد ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر کی طرح آج کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں پی ٹی آئی کے کارکنوں نے احتجاجی ریلیاں اور پریس کلبز کے سامنے احتجاج کیا ہے اور یہ احتجاج مزید سخت کریں گے۔

شال بقیہ 7

سے متعلق عمران خان وکلاء سے مشاورت کریں گے۔ عمران خان نے ہدایت کی کہ جیسے ہی فیصلے کی کاپی ملتی ہے متعلقہ عدالت سے رجوع کیا جائے۔

شال بقیہ 8

کے پراجیکٹس کو تیزی سے آگے بڑھایا جائے تاکہ سسٹم میں اضافی رولنگ سٹاک دستیاب ہو سکے۔ سگنلنگ کے پراجیکٹس کو جلد مکمل کر کے سسٹم میں بہتری لانے کے لیے کوششیں کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ پراجیکٹس اور ٹی ایل اے پر کام کرنے والے ملازمین کو بھرتی کے وقت اضافی نمبر اور عمر کی بالائی حد میں رعایت کے حوالے سے پالیسی تیار کی جائے۔

شال بقیہ 9

طاقتور فارن فنڈڈ فتنہ آخر قانون کے نیچے آگیا اب ملک خوشحال ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ صرف نااہلی نہیں اب جیل جانا بھی جانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نااہل ہو چکے ہیں، عمران خان نے الیکشن کمیشن نہیں کوئی رسید نہیں دی الیکشن کمیشن نااہل نہ کرتا تو اور کیا کرتا۔ انہوں نے کہا کہ فارن فنڈڈ فتنے نے 2019 کے بعد کوئی تحفہ توشہ خانہ میں ظاہر نہیں کیا، الیکشن کمیشن نااہل نہ کرتا تو اور کیا کرتا۔ انہوں نے کہا کہ فارن فنڈڈ فتنے نے توشہ خانہ میں تحفہ نہیں صرف پیسے جمع کروائے الیکشن کمیشن نااہل نہ کرتا تو اور کیا کرتا۔ انہوں نے کہا ایک فارن فنڈڈ فتنے نے توشہ خانہ میں 2019 کے بعد توشہ خانہ میں کوئی تحفہ جمع نہیں کروایا۔

شال بقیہ 10

کہا کہ دو طرفہ تعلقات میں اقتصادی و کاروباری تعلقات اور انسانی وسائل کی ترقی پر توجہ مرکوز کرنا ہوگی۔ صدر مملکت نے مختلف میں جاپان کی پاکستان کیلئے مسلسل حمایت کو سراہا۔ صدر مملکت نے کہا کہ نامزد سفیر پاکستان کے واجب الادا قرضوں کی ادائیگی معطل کرنے کے فیصلے پر جاپان کی حکومت کا شکریہ ادا کریں۔ صدر نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تجارت 56.2 ارب ڈالر کے لگ بھگ ہے۔ صدر مملکت نے پاکستان کے ساتھ جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (جائیکا) کے ترقیاتی تعاون کو بھی سراہا۔ صدر مملکت نے کہا کہ نامزد سفیر دوطرفہ تعلقات کو تعاون کی نئی اور اعلیٰ سطح پر لے جانے کے لیے کوششیں کریں۔ انہوں نے کہا کہ جاپان میں پاکستانی آئی ٹی انسانی وسائل، آن لائن خدمات کی فراہمی اور جاپانی تعلیمی اداروں اور صنعت کے ساتھ تعاون کیلئے نئے راستے تلاش کیے جائیں۔ جاپان نے پاکستان کی ترقی کیلئے گرانقدر تعاون کیا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ تاریخ میں مجموعی طور پر تقریباً 13 ارب ڈالر کی امداد کے ساتھ جاپان پاکستان کا دوسرا بڑا شراکت دار ہے۔ صدر مملکت نے پاکستانی مصنوعات کو جاپانی منڈیوں میں ڈیوٹی فری رسائی دینے، ٹیرف کم کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

شال بقیہ 11

کی لاش ملی۔ جب کہ ساکران نمبر 4 کے قریب ایک گھر سے ایک نوجوان کی لاش برآمد، ابتدائی ذرائع کے مطابق عمران کونسل ہائی وے پر رمضان کے علاقے سے سڑک کے کنارے ایک شخص کی لاش ملی جسے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال اوتھل منتقل کر دی گئی۔ تاحال نعش کی شناخت معلوم نہ ہوسکی۔ ایک اور واقع میں ساکران نمبر 4 سے جالہ کے قریب ایک گھر میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا جسے ایدھی ایمبولینس کے ذریعے جام میر غلام قادر ٹیچنگ ہسپتال حب منتقل کیا گیا۔ جس کی شناخت محمد عابد ولد دھنی بخش بروہی عمر 21 سال کے نام سے ہوئی۔

شال بقیہ 12

خضدار کی تحصیل زہری بازار میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے حفیظ اللہ لوتانی کو قتل جبکہ فائرنگ کی زد میں آکر ابراہیم عمرانی سکنہ چشمہ زخمی ہوگیا۔ لیویز نے لاش اور زخمی کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 13

مرمت کے کاموں کے سلسلے میں 22 اکتوبر کو کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے اولڈ سمنگلی، پی اے ایف، ائیر کمیکنگر، بروری روڈ، نواں کلی، عالم خان فیڈروں سے صبح 11 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند رہے گی۔ اسی طرح 23 اکتوبر کو (بروز اتوار) سریاب گرڈ اسٹیشن کے سیٹلائٹ ٹاؤن، سرکی روڈ، جز ساہ، غازی، نواب خیر بخش مری فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک جبکہ مری آباد گرڈ اسٹیشن کے گلستان اور کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے پی ٹی وی فیڈروں سے دن 12 بجے سے سہ پہر 3:30 بجے تک نیز اسی گرڈ کے اسٹیڈیم اور سٹی فیڈروں سے دن ایک بجے سے شام پانچ بجے تک بجلی بند رہے گی۔

شال بقیہ 14

میٹنگ کا اجلاس کچھ ناگزیر وجوہات کی بناء پر اب 24 اکتوبر 2022 بروز سوموار کو ہوگا۔ جس میں کالجز ہائیر اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن اور محکمہ ثانوی تعلیم کے سال 2016۔2016۔ 2017۔2017۔ 2018۔2018۔ 2019۔ کے آڈٹ پیراز کا جائزہ لیا جائے گا۔

شال بقیہ 15

ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں پاکستان آرمی، ایف سی بلوچستان اور این ڈی ایم اے کی جانب سے 10470 کھانے کے پیکٹس اور 473 ٹینٹ، 7101 بستر اور 345 حفظان صحت کے بکس وغیرہ مستحق لوگوں میں تقسیم کئے گئے ہے۔ سیلاب سے متاثرہ اضلاع میں لوگوں کو متعدی امراض سے بچاؤ کے لئے فری میڈیکل کیمپس کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پاکستان آرمی اور ایف سی بلوچستان کی جانب سے 15 فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا گیا جس میں 1446 مریضوں کا علاج معالجہ کیا گیا اور مفت ادویات فراہم کی گئیں۔ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں سیلاب کی وجہ سے ہونیوالے نقصانات کا جائزہ لینے کے لیے 30 سروے ٹیمیں کام کر رہی ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 630 گھروں کا سروے کر لیا گیا ہے۔ متاثرہ علاقوں میں سیلاب سے ہونیوالے 99% نقصانات کا جائزہ لگا لیا گیا ہے۔ بلوچستان کی تمام شاہراہیں ٹریفک کی آمد و رفت کیلئے مکمل طور پر کھول دی گئی ہیں۔ جبکہ قومی شاہراہوں پر ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے نیشنل ہائی وے اتھارٹی، پاک فوج، ایف سی بلوچستان، پاکستان کوسٹ گارڈ اور سول انتظامیہ مصروف عمل ہیں۔

شال بقیہ 16

گرفتار کرنے کا مطالبہ کیا ہے انہوں نے کہا کہ زہری انتظامیہ امن بحال کرنے اور لوگوں کے جان و مال کو تحفظ دینے میں مکمل ناکام ہو چکے ہیں عوام کے مال اور جان کی حفاظت انتظامیہ کی ذمہ داریوں میں شامل ہے زہری میں آئے روز ٹارگٹ کلر معصوم لوگوں کو نشانہ بنا کر با آسانی فرار ہو جاتے ہیں انتظامیہ کی کارکردگی پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے خضدار انتظامیہ کو چاہیے کہ وہ قاتلوں کو گرفتار کرنے کے لئے عملی اقدامات کریں زہری کی عوام کو تحفظ دینے کے لیے سکیورٹی کی تعداد میں اضافہ کیا جائے۔

شال بقیہ 17

ستمبر میں لایا جائے گا، اور متاثرہ خاندانوں کو انصاف مہیا کرتے ہوئے ان کا جبری استحصال ختم کیا جائے گا۔ وفاقی وزیر آغا حسن بلوچ نے کہا کہ مجوزہ بل کی شق 514 کی، سربراہ بی این پی نے مخالفت کی جس میں کہا گیا تھا کہ مدعی یا معلومات مہیا کرنے والے افراد کی معلومات درست نہ ہونے پر اسکو 5 سال قید اور ایک لاکھ جرمانہ ہو سکتا ہے۔ بی این پی کا موقف یہ تھا کہ ایسی شق مدعی اور معلومات مہیا کرنے والے افراد کی حوصلہ شکنی کرے گی اور ورثہ کے لئے ایسے حساس معاملات میں اپنا دعویٰ ثابت کرنا بہت مشکل امر ہے۔ وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ نے سربراہ بی این پی کے اعتراض کو تسلیم کرتے ہوئے شق کو بل سے خارج کرتے ہوئے اسے ایوان میں پیش کیا جسے متفقہ طور پر منظور کر لیا گیا۔ وفاقی وزیر آغا حسن بلوچ نے کہا کہ بی این پی اور حکومت کی مشترکہ کوششوں سے اس بل کی متفقہ منظوری بلوچستان کے متاثرہ خاندانوں کی بڑی فتح ہے۔

شال بقیہ 18

لیئے لیویز اہلکاروں کی تعیناتی کیلئے چار ماہ قبل لکھے گئے مراسلے کا کوئی جواب موصول نہیں ہوا۔ حکام کے مطابق عدالت عالیہ بلوچستان نے ایک آئینی درخواست کے فیصلے میں کوئٹہ کے 7 بڑے ٹرشری کیئر ہسپتالوں بولان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال، سنڈیمن پروانشل ہسپتال، شیخ زید بن خلیفہ ہسپتال، بینظیر ہسپتال، ہیلپر ہسپتال، فاطمہ جناح ہسپتال اور مفتی محمود ہسپتال میں سکیورٹی بڑھانے کے احکامات جاری کئے تھے۔ حکام کے مطابق محکمہ صحت بلوچستان کی جانب سے عدالتی احکامات پر کوئٹہ کے 7 بڑے ہسپتالوں میں 500 لیویز اہلکاروں کی تعیناتی کیلئے 21 جون 2022 کو محکمہ داخلہ بلوچستان کو مراسلہ ارسال کر دیا گیا تھا تاہم چار ماہ گزرنے کے باوجود اس مراسلے پر کوئی عمل درآمد نہیں کیا گیا۔ حکام کے مطابق نجی سکیورٹی گارڈز کی محدود تعیناتی کی وجہ سے کوئٹہ کے دو بڑے ہسپتالوں بولان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال اور سنڈیمن پروانشل ہسپتال میں آئے روز لڑائی جھگڑوں کے واقعات رونما ہوتے رہتے ہیں۔

شال بقیہ 19

کے مطابق گزشتہ روز تیز رفتار ٹرک مغربی بائی پاس پر جبل نور اڈے کے قریب ڈرائیور سے بے قابو ہو کر الٹ گیا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

شال بقیہ 20

کئے گئے ہیں۔ این آئی ایچ کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 10 ہزار 840 کورونا ٹیسٹ کئے گئے جن میں سے 45 افراد کے کورونا ٹیسٹ مثبت آئے ہیں۔ اس طرح گزشتہ 24 گھنٹوں میں کئے گئے مثبت کورونا ٹیسٹ کی شرح 42.0 فیصد رہی ہے، مزید برآں اس دوران کورونا وائرس سے کوئی بھی مریض جاں بحق نہیں ہوا جبکہ 44 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔

شال بقیہ 21

ریکارڈ کی گئی، ترجمان تربیلا ڈیم کے مطابق ڈیم میں پانی کی سطح معمولی کمی کے ساتھ 96.1535 فٹ ہوگئی ہے، ڈیم میں پانی کی آمد 37300 اور اخراج 50 ہزار کیوسک ہے، تربیلا ڈیم کے 17 میں سے 7 پیداواری یونٹ بند اور 10 یونٹس سے بجلی کی پیداوار 1841 میگاواٹ ریکارڈ کی گئی ہے۔

شال بقیہ 22

کے بعد عمران نیازی آج خائن بھی ڈکلیئر ہو گیا ہے۔ انہوں نے الیکشن کمیشن کے فیصلے پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ تحریک انصاف کے سربراہ توشہ خانہ کی امانتوں پر ہاتھ صاف کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑے گئے، ثبوتوں سے واضح ہو گیا کہ عمران نیازی کرپٹ بھی ہے۔ وزیراعظم کے عہدے پر بیٹھ کر سرکاری مال خانے کے تحفے بیچ ڈالے گئے۔ ملکی اداروں کی ساکھ پر انگلی اٹھانے والوں کو شرم آنی چاہئے۔ حمزہ شہباز نے کہا کہ توشہ خانے کے تحائف کی اصل مالیت بھی عمران نیازی سے وصول ہونی چاہئے۔ عمران نیازی کے اس غیر قانونی اور غیر اخلاقی اقدام سے پاکستان کے دوست ممالک سے تعلقات کو گزند پہنچی۔ آج کے فیصلے سے ملک میں قانون اور انصاف کا بول بالا ہوا ہے۔

شال بقیہ 23

حکمران انتخابات کے نتائج مناسب نمائندگی کے انداز میں آتے ہیں ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ موجودہ سیاسی گرمی اور سردی خزاں کی آمد کی وجہ سے ہے اور یہ صورت حال نومبر تک ہے پھر سب کو "مساوی" طور پر ٹھنڈا ہو جائے گی۔

شال بقیہ 24

بیرونی ایجنڈے کے تحت عوام میں ریاستی اداروں کے خلاف نفرت کے بیج بو کر بغاوت پر اکسانے جیسے اقدامات کی شدید مذمت کرتے ہوئے فوری طور پر سوشل میڈیا پر پابندی کا مطالبہ کیا ہے۔ حکمرانوں اور پی ٹی آئی کی سیاسی جنگ میں ملکی استحکام داؤ پر لگ گیا ہے اسلام اور پاکستان کی دشمن قوتوں نے سازشوں کا جال بچھا دیا ہے، پاکستان میں جھوٹ، فریب اور یوٹرن لینے والے سیاستدانوں کیلئے کوئی جگہ نہیں عوام کو جذباتی تقریروں سے دھوکہ نہیں دیا جا سکتا۔ جس دن وطن عزیز کی سلامتی، بقاء اور استحکام کو خطرات میں گھرا دیکھیں گے عوامی سمندر ان تمام کو بہالے جائے گا، علماء مشائخ اسلام کے ٹھیکیدار نہیں بلکہ چوکیدار ہیں، دین اسلام کی صحیح معنوں میں خدمت ہو رہی ہے تو خانقاہوں، مساجد اور مدارس سے ہی ہو رہی ہے، سربلندی اسلام، عقیدہ ختم نبوت، تحفظ ناموس رسالت، عظمت اصحاب رسول، محبت اہل رسول اور تحفظ شعائر اسلام کے لیے علماء مشائخ بروقت حاضر ہیں، بدعنوان عناصر کی وجہ سے وطن عزیز گرداب میں پھنسا ہوا ہے ہر طرف لوٹ مار ہونے کی وجہ سے عوام کو حقوق نہیں مل رہے ہیں نہ بے انصافی روکی جاسکتی ہے حکومت و احتساب کے ادارے غفلت و بدعنوانی اور کوتاہی کے بجائے حق و سچ کا ساتھ دے کر لوٹ مار کرنے والوں کو نا کام بنائیں۔

شال بقیہ 25

کے کارکنوں نے مسلم باغ پر قومی شاہراہ پر احتجاج کرتے ہوئے شاہراہ کو بلاک کر دیا جس کے باعث قومی شاہراہ پر دونوں اطراف سے ٹریفک کی روانی معطل ہوگئی۔ اس موقع پر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عمران خان کو نااہل قرار دینے کا حق پاکستان کی عوام کے پاس ہے عمران خان ایک ایماندار صادق اور امین انسان کا نام ہے، کروڑوں کے دل پر راج کرنے والے کو آج بددیانتی سے نااہل قرار دیا گیا۔

شال بقیہ 26

کو کوئی مائنس نہیں کر سکتا۔ یہ فیصلہ تاریخ کے کوڑے دان میں جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کے خلاف غیر آئینی فیصلہ، وفاق پاکستان کی بنیاد پر حملہ ہے۔ کپتان نے مافیا الیون کو کھلے میدان میں ہرایا۔ اس شکست کا بدلہ بند کمروں سے نہیں لیا جا سکتا۔ ملک کو تیزی سے تصادم کی طرف دھکیلا جا رہا ہے۔ قوم حق سے فیصلہ مسترد کرتی ہے۔ تحریک انصاف کے رہنما شفقت محمود نے کہا کہ تاریخ بتاتی ہے کہ مقبول رہنماؤں کو نااہلی یا کسی اور زبردستی کے ذریعے عوامی شعور سے دور نہیں کیا جا سکتا۔ عمران خان عوام کے درمیان رہتے ہیں اور یہ متعصبانہ فیصلے انہیں نہیں روک سکتے۔

شال بقیہ 27

سے ہوتی ہوئی سرکلر روڈ گرلز ہائی اسکول کے سامنے پہنچی جہاں پولیس نے خاردار تاریں لگا کر ریلی کے شرکاء کو آگے جانے سے روک دیا جس پر ریلی کے شرکاء نے وہاں دھرنا دیا جس کے باعث شہر میں ٹریفک کے نظام درہم برہم ہو گیا۔ اس موقع پر لواحقین گرینڈ الائنس کے چیئرمین تکری محمد عباس مینگل، سینئر وائس چیئرمین سید الطاف شاہ بخاری نے دھرنے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان کو لواحقین کی بحالی کے نوٹیفکیشن جاری کرنے کے حوالے سے 3 دن کا وقت دیا تھا لیکن اس دوران بھی حکومت بلوچستان اور بیوروکریسی کی جانب سے ٹال مٹول کا مظاہرہ کرتے ہوئے تاخیری حربے استعمال کئے گئے۔

شال بقیہ 28

کردی گئی مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔

شال بقیہ 29

کو نذر آتش کیا گیا۔ یہ لڑائی دارالحکومت خرطوم سے 500 کلومیٹر جنوب میں روز یرز کے قریب وادی کے علاقے میں ہوئی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق یہ خونریزی حالیہ مہینوں کا ایک بدترین واقعہ ہے، ریاست میں درجنوں افراد کے ہلاک ہونے کیخلاف شہریوں کی جانب سے احتجاج بھی کیا گیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ہاوسا قبیلے کے افراد کا کہنا ہے کہ وہ گزشتہ دو دنوں سے مسلح افراد کے حملوں کی زد میں ہیں۔

شال بقیہ 30

جھوٹ پھیلانے والے رنگے ہاتھوں پکڑے گئے۔

شال بقیہ 31

ہسپتال کے کوآرڈینیٹر محمد ابراہیم جمالدینی، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نوشکی ڈاکٹر مشتاق احمد مینگل، ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی عبدالقاہر نوفل، پرنس ظاہر جان و یونین کونسلز ایم اوز سمیت دیگر موجود تھے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نوشکی نظام رحیم بلوچ اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نوشکی ڈاکٹر عبدالحمید بلوچ نے کہا کہ پولیو سے بچاؤ کے 2 قطرے آپ کے بچوں کو تمام عمر کی معذوری سے بچا سکتے ہیں۔ آئندہ نسلوں کو بچانے کے لئے انسداد پولیو کے قطرے اہم ہیں۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نوشکی ڈاکٹر عبدالحمید بلوچ نے کہا کہ نوشکی کے چار یونین کونسلز جن میں کیشنگی، انام بوستان، ڈاک اور بادینی میں پولیو مہم 24 اکتوبر سے شروع ہوکر 28 اکتوبر تک جاری رہے گا۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ پولیو مہم میں حصہ لینے والے ٹیموں کے ساتھ تعاون کرکے اپنے پانچ سال تک کے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں تاکہ ہم سب مل کر اپنے ملک کو پولیو سے پاک کریں۔

شال بقیہ 32

حکومت سخت کارروائی کریگی انہوں نے کہا کہ امریکہ کو حکومت نے سخت اور دوٹوک جواب دیا امریکی سفیر کو دفتر خارجہ طلب کیا اور اپنا احتجاج ریکارڈ کرایا جس پر امریکی نے اپنے گھٹنے ٹیکتے ہوئے اقرار کیا کہ واقعی پاکستانی نیوکلیئر پاور ہے اور اسکی ایٹمی صلاحیت مکمل کمانڈ اینڈ کنٹرول کے تحت محفوظ ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان روس سے بھی اچھے تعلقات رکھنا چاہتا ہے، ہم روس سے تیل خریدنے میں اپنی دلچسپی ظاہر کر چکے ہیں کریں اور اقتدار کیلئے اپنے اصولوں کی پامالی کا سوچ بھی نہیں سکتے ملک سیلاب میں گرا ہوا ہے عوام تکلیف میں مبتلا ہیں حکومت کی معاشی نظام، میں انقلابی اقدامات سے ملک اب سنبھل گیا اور ہم دیوالیہ ہونے بھی بچ گئے انہوں نے کہا کہ پاکستان بہت جلد ایف اے ٹی ایف کے گرے لسٹ سے بھی نکل جائیگا ہماری پالیسیوں کے نتیجے میں ملک ترقی یافتہ بننے جارہا ہے مگر عمران خان اس نازک اور کٹھن حالت میں بھی احتجاج کی سیاست سے باز نہیں آرہے ہیں جبکہ وہ خود انا پرستی اور ہٹ دھرمی سے کام لیکر اداروں پر الزامات کی بارش اور بہتان تراشی سے باز نہیں آرہے جو کہ لمحہ فکریہ ہے اقتدار آنی جانی چیز ہے۔

شال بقیہ 33

بلوچستان بارشوں اور سیلاب سے سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے جس کے اثرات اب بھی باقی ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ حکومتی مشنری کے علاوہ پاک آرمی، نیوی، فضائیہ اور مختلف این جی اوز کے ساتھ ساتھ مختلف شخصیات نے ذاتی طور پر متاثرہ علاقوں میں امداد و بحالی کی سرگرمیاں انجام دی ہیں جس سے کافی حد تک جانی و مالی نقصانات پر قابو پایا جاسکا ہے جو کہ قابل ستائش عمل ہے۔ عوامی حلقوں نے سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری اور میر علی حسن زہری کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ سینیٹر صاحبہ اور میر علی حسن زہری نے سب سے پہلے بلوچستان کی پکار پر ذاتی طور پر متاثرہ علاقوں میں امداد پہنچائی اور سیلاب زدگان کی دادرسی کی جو کہ قابل ستائش اقدام ہے۔ انہوں نے متاثرہ علاقوں میں نہ صرف خیمے، راشن، بچوں کے لئے دودھ، کپڑے اور دیگر ضروری اشیاء پہنچائیں بلکہ خود بھی مشکلات کے باوجود صوبہ کے سیلاب سے متاثرہ دور دراز علاقوں میں پہنچے اور متاثرین کو حوصلہ دیا اور ان کے دکھ درد میں شریک ہوئے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ بلوچستان کے سیلاب زدگان کی فوکل پرسن ہونے کے ناطے سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور ان کی سیلاب متاثرین کی امداد و بحالی کے لئے گراں قدر خدمات اور ان کی کوششوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جا رہا ہے۔ انہوں نے بلوچستان کے سیلاب متاثرین کے لئے نہ صرف اپنے ذاتی خرچ سے متاثرین کی مدد کی بلکہ ملکی و غیر ملکی امداد بھی بلوچستان کے سیلاب متاثرین کے لئے حاصل کی اور بروقت متاثرہ علاقوں میں پہنچائیں۔ رپورٹ میں وفاقی اور صوبائی حکومتوں اور رفاہی اداروں کو خبردار کرتے ہوئے اپیل کی گئی ہے کہ سردی کا موسم شروع ہو گیا ہے اور اس سرد موسم میں متاثرین کی جلد سے جلد بحالی کے لئے ہنگامی طور پر اقدامات کو مزید تیز کرنے کی ضرورت ہے تاکہ سرد موسم سے مزید کوئی انسانی المیہ جنم نہ لے سکے۔

شال بقیہ 34

، ڈاکٹر فرحت، اسد نورزئی مقبول الہٰی بخش، جاوید رحیم پراچہ، سید سلیم رضا، ماسٹر نادر، سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ فرخ حکیم شاہ نے کہا کہ کاروباری طبقہ بلوچستان کی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے جو کہ قابل ستائش ہے انہوں نے کہا کہ نوجوان کسی بھی ملک و معاشرے میں انتہائی اہمیت رکھتے ہیں حکومت نوجوانوں کو کاروبار کے مواقع فراہم کرنے کے لئے اقدامات کر رہی ہے پہلی مرتبہ صوبائی حکومت کاروبار کے فروغ کے لئے پرائیویٹ سیکٹر کو ساتھ شامل کر رہی ہے اور آج رومانیہ کے وفد کے دورے کا مقصد بھی یہی تھا کہ وہ یہاں آئیں کاروبار کریں صنعتیں قائم کریں حکومت انہیں ہر ممکن سہولت فراہم کرے گی۔ ترجمان صوبائی حکومت نے کہا کہ حکومت کا وژن ہے کہ کاروباری برادری کو ہر ممکن سہولیات فراہم کی جائیں جلد بزنس کمیونٹی کے وفد کی وزیراعلیٰ سے ملاقات کروائیں گی تاکہ بزنس کمیونٹی براہ راست وزیراعلیٰ کو اپنے مسائل سے آگاہ کرے۔

شال بقیہ 35

بار ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اربوں روپے کی کرپشن میں ملوث افراد آج حکمران ہیں انہیں عدالتوں پر رہا کرنے کے بعد کیسز ختم کئے گئے ہیں پی ٹی آئی کو سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔

شال بقیہ 36

اس موقع پر کسانوں کو بیجوں اور کھاد پر سبسڈی فراہم کرنا ضروری ہے۔ نقصانات کے ازالے کے سروے میں زمینداروں کی نمائندگی بھی شامل کی جائے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے یقین دہانی کرائی تھی کہ متاثرہ علاقوں میں بھرپور امدادی کارروائیاں جاری ہیں، وفاق میں سیلاب متاثرین کی امداد و بحالی پر مضبوط موقف اپنائیں گے۔ وزیراعلیٰ نے وفد کو یقین دہانی کرائی کہ امداد یا بحالی کے معاملے پر کسی کے ساتھ بھی امتیازی سلوک نہیں کیا جائے گا اور زمینداروں کے نقصانات کا ازالہ کیا جائے گا۔ عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ کھاد اور زرعی بیجوں پر کسانوں کو سبسڈی فراہم کریں گے، زرعی قرضے معاف کرنے پر وفاق سے بات چیت کی جائے گی، کسان ہماری معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں انہیں مشکل وقت میں تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ انہوں نے کہا کہ زمیندار ایکشن کمیٹی کا مطالبہ ہے کہ گندم کی کاشت کے سیزن سے قبل زمینداروں کو بیج فراہم کی جائیں تاکہ آئندہ درپیش مشکلات سے نمٹا جاسکے۔

شال بقیہ 37

خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سیمینار میں چیئرمین شہید باز محمد فاؤنڈیشن ڈاکٹر عقل خان کاکڑ، وی سی لورالائی یونیورسٹی ڈاکٹر مقصود احمد، ڈپٹی کمشنر لورالائی ڈاکٹر عتیق الرحمن شاہوانی، وائس پرنسپل میڈیکل کالج ڈاکٹر دوست محمد، سیاسی رہنما عبدالمتین اخندزادہ، این پی لورالائی کے صدر منظور کاکڑ، ڈاکٹر تحسین خان جوگیزئی کے علاوہ یونیورسٹی آف لورالائی اور میڈیکل کالج کے اساتذہ، طلبہ و طالبات اور دیگر سیاسی اور فلاحی اداروں کے رہنماؤں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ کمشنر لورالائی شاہ اللہ خان نے کہا کہ یونیورسٹی آف لورالائی میں جاری تعلیم کے حصول میں اور جاری ترقیاتی عمل میں معیار پر سمجھوتا نہیں کیا جائے گا۔ اس ضمن میں وائس چانسلر کا کردار قابل تحسین ہے۔

شال بقیہ 38

کرتے ہوئے تحصیلدار تمبو ہمایوں کاکڑ نے ڈپٹی کمشنر نصیرآباد عائشہ زہری کے احکامات پر متاثرین میں ٹینٹ تقسیم کئے ڈپٹی کمشنر نے انہیں احکامات دیئے کہ یو سی سطح پر ٹینٹ تقسیم کئے جائیں میرٹ کی بنیاد پر ٹینٹ تقسیم کے عمل کو جاری رکھا جائے اس کے ساتھ ساتھ ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے مختلف این جی اوز بھی سیلاب متاثرین کی امداد میں اپنی خدمات سرانجام دے رہی ہیں۔

شال بقیہ 39

سالاری غلام علی مینگل و پولیس ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے خاران شہر سے چوروں کی بڑی گینگ گرفتار کرکے پانچ عدد موٹر سائیکل جن میں دو 125 تین عدد 70 CD دو عدد چوری شدہ موبائل برآمد کرلیے واضح رہے کچھ دنوں سے خاران میں چوری کے واردات اور روز ڈکیتی میں اضافہ ہوا تھا جس پر خاران پولیس نے خاران شہر میں مختلف علاقوں میں چوری اور ڈکیتی میں ملوث افراد کے خلاف سخت کارروائی شروع کردی ہیں جس سے روزانہ کے بنیاد پر خاران پولیس تابڑ توڑ کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل کے چوری دیگر واردات میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کو گرفتار کرلیا اور مزید تفتیش خاران پولیس کررہی ہیں عوامی حلقوں نے خاران پولیس کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ خاران پولیس اسی طرح اپنا کارروائی جاری کرتے رہے تاکہ لوگوں کی جان و مال کی حفاظت یقینی بن جائے۔

شال بقیہ 40

خان کاکڑ، سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند جوگیزئی، صوبائی خواتین ونگ کی شادورانی کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے اپنے ساتھیوں سمیت پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت کا اعلان کر دیا۔

شال بقیہ 41

عبدالحمید ساجدی نے اپنے تعزیتی بیان میں لسبیلہ کے سینئر صحافی حب پریس کلب کے صدر اور روزنامہ بولان کے چیف ایڈیٹر محمد الیاس کمبوہ کے والد حبیب احمد کمبوہ کی رحلت پر ازحد رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کیلئے دعائے مغفرت کی ہے۔ کہ پروردگار مرحوم کو فردوس بریں میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو یہ سانحہ عظیم حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

شال بقیہ 42

رہی ہے، بہت جلد اس مسئلہ کو حل کرکے ایبٹ آباد کے صحافیوں کو ان کا حق دلوائیں گے۔ بیرسٹر سیف نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے سیاسی حالات میں ایک چیلنج سی پائی جاتی ہے لیکن خیبر پختونخوا کی عوام کو اس بارے میں پریشان ہونے کی کوئی ضرورت نہیں کیونکہ صوبہ ہماری ذمہ داری ہے اور ہم اس ذمہ داری کو نبھانا جانتے ہیں۔

شال بقیہ 43

و عام عوام الناس کو مسائل و مشکلات میں کمی لائیں اس سلسلے میں بدستور کام جاری ہے اور عوام کو کسی بھی قسم کی شکایت کا موقع نہیں دیا جائیگا۔ میونسپل کارپوریشن خضدار کا عملہ متحرک ہے اور انہیں اپنی ذمہ داریاں نبھانے کا پابند بنایا گیا ہے۔ خضدار کی تعمیر و ترقی اور شہری رونق کو بڑھانے کے لئے تمام طبقات کی مشاورت شامل کیا جائے گا خضدار کے شہری ہمارے لئے قابل محترم ہیں کوشش ہوگی کہ دستیاب وسائل کے اندر رہتے ہوئے ان کی خدمت کروں اور ان کے مسائل و مشکلات میں کمی لاؤں۔ یاد رہے کہ چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن خضدار وڈیرہ محمد صالح جاموٹ کی تعیناتی کے بعد خضدار میں صفائی کا عملہ کافی متحرک اور شہر میں صفائی کی ذمہ داری احسن انداز میں نبھا رہے ہیں جب کہ خضدار میں سالوں سے خراب اور بجھے والے اسٹریٹ لائٹس کو بھی درست کرا لیا گیا ہے جس سے شہری رونق ایک بار پھر بحال ہو گیا ہے خضدار کے انٹرنل روڈز کی حالت بھی درست کی جا رہی ہے اور خراب سڑکوں کو ریپیر کرنے کا پروگرام بنایا گیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ خضدار رقبہ اور محل وقوع کے لحاظ سے منفرد حیثیت کا حامل ڈسٹرکٹ اور شہر ہے، اس بیک کوئٹہ قومی شاہراہ اور خضدار رتو ڈیرو شاہراہیں اسی شہر سے ہو کر گزر جاتی ہیں جس کی وجہ سے یہ شہر ہر لحاظ سے مرکز اور جنکشن کے طور پر ابھر کر سامنے آرہا ہے اور اس کی اہمیت پورے پاکستان میں ہے۔

شال بقیہ 44

حامل ہے اس لئے اس پر خصوصی توجہ مبذول کر کے واٹر کورسز کو درست کیا جائے تاکہ جلد ہی عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے ان خیالات کا اظہار آج انہوں نے ایس ای اریگیشن عبدالحمید مینگل و ایکسین پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے ہمراہ واٹر سپلائی اسکیم کے متاثرہ حصوں کی بحالی کا جائزہ کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ہمیں بحالی کے کاموں میں دشواری ضرور ہے مگر ہمت نہیں ہاری ہم عوام کی خدمت کو اپنا نصب العین سمجھ کر اپنے فرائض منصبی سرانجام دے رہے ہیں۔

شال بقیہ 45

کی وجہ سے آئے روز بارڈر کے حوالے سے نئے حربے استعمال کئے جا رہے ہیں اور پنجگور کے لوگوں کو روزگار دینے کی بجائے بے روزگار کیا جا رہا ہے اور اسٹیکرز کی ری ویری فیکیشن کے نام پر نئے حربے استعمال کیا جا رہا ہے اور عوام کے جیب سے کروڑوں روپے بٹور کر فتنی کے فارمولے پر تقسیم کئے جاتے ہیں۔

شال بقیہ 46

خواتین سے ایک تفصیلی ملاقات کی۔ اس موقع پر جی او سی نے شرکاء سے تبادلہ خیال کرتے ہوئے گوادر کی ترقی میں مقامی قیادت کی اہمیت و کردار کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے کہا کہ گوادر میں پاکستان کے کسی بھی دوسرے خطے سے کہیں زیادہ صلاحیت موجود ہے۔ جی او سی نے حکمران کی ترقی کے سفر میں خواتین کے انتہائی اہم کردار پر بھی روشنی ڈالی۔ جی او سی نے ماہی گیروں کے مسائل کو بھی ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ علاقے کی ایک بڑی کمیونٹی براہ راست پیٹرولیم مصنوعات کی تجارت سے جڑی ہوئی ہے، تاہم مقامی لوگوں کو فائدہ پہنچانے کے لیے کسی متبادل اور بہتر ذریعہ کی اشد ضرورت ہے۔ جی او سی نے کہا کہ ضلع گوادر و ضلع لسبیلہ میں پانی اور توانائی کے مسائل کے حل کے لئے اختراعی سوچ کی ضرورت ہے۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ فوج اور عوام ایک ہی مالا کے موتی ہیں۔ علاقے میں فوج کی موجودگی کا مقصد علاقے کی ترقی و خوشحالی میں معاونت اور پائیدار امن و استحکام ہے۔

شال بقیہ 47

نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے علی احمد کاکڑ نے مزید کہا کہ پنجاب میں ایک تنظیم منظم طریقے سے بلوچستان کے طلباء کو ہراساں کرتے ہیں لیکن پنجاب حکومت وفاقی حکومت اور پنجاب پولیس اس پر خاموش ہیں 25 اکتوبر کو پنجاب میں بلوچستان کے طلباء پشتون کلچر ڈے منا رہے ہیں جو کہ ان کا آئینی حق ہے آئین پاکستان کے آرٹیکل 28 میں ثقافت کو تحفظ حاصل ہے جسکے مطابق ہر شہری اپنی ثقافت کا اختیار رکھتا ہے لیکن یہ تنظیم بلوچستان کے طلباء کو پشتون کلچر ڈے منانے نہیں دے رہے ہیں اور انکو آئینی حق سے محروم کر رہے ہیں انہوں نے چیف جسٹس سپریم کورٹ آف پاکستان سے اپیل کی کہ اس کا سوموٹو نوٹس لیں اور پنجاب حکومت و پنجاب پولیس کو سختی سے ہدایت دیں کہ اس معاملہ کو خوش اسلوبی سے نمٹا دیں۔

شال بقیہ 48

ماہ گزرنے کے باوجود صوبائی حکومت ضلعی انتظامیہ مقامی این جی اوز کا کوئی عملدار ہمارے پاس نہیں آیا ہے اور نہ ہی سیلاب متاثرین کو کوئی ریلیف نہیں ملا ہے انہوں نے حلقے سے منتخب نمائندوں صوبائی حکومت ضلعی انتظامیہ اور این جی اوز سے مطالبہ کی ہے کہ سیلاب متاثرین کے احتجاج کا نوٹس لے کر ریلیف فراہم کیا جائے بصورت دیگر احتجاج کا دائرہ وسیع کیا جائے گا اور اسسٹنٹ کمشنر اور ڈپٹی کمشنر کے آفیس کے سامنے دھرنا دیا جائے گا۔

شال بقیہ 49

مرغہ کبزئی یونین کونسل عبداللہ زئی یونین کونسل بادینزئی کے علاوہ مختلف مقامات پر گینگ چوروں نے رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے کئی زرعی اراضیوں سے شمسی سولر سسٹم چوری کر کے لے اڑے ہیں جس سے غریب کسانوں کو لاکھوں روپے کا نقصانات ہوئے ہیں ژوب عوامی و سماجی حلقوں نے کہا ہے کہ شمسی توانائی پلیٹوں کی چوری وارداتوں میں روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا ہے بلکہ چوری کے وارداتوں میں ایک چور نہیں بلکہ چوروں کا ایک گینگ جو مختلف مقامات پر چوری کے وارداتیں کرتے ہیں انہوں کمشنر ژوب ڈویژن ڈپٹی کمشنر اور اسسٹنٹ کمشنر سے اپیل کی کہ ان چوروں کو گرفتار کرکے ان کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے بصورت دیگر زمیندار ان سخت ترین احتجاج کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

شال بقیہ 50

، میٹلیک جینڈ، اخوت، قطر چیریٹی کے علاوہ دیگر آفیسران نے شرکت کی۔ میٹنگ میں ایمرجنسی ریلیف کے حوالے سے کارروائیوں اور دیگر اہم مسائل پر تفصیلی بحث ہوئی۔ تمام اداروں کے سربراہاں نے اپنی کارکردگی رپورٹ پیش کئے۔ میٹنگ میں موجود شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر عتیق الرحمن شاہوانی نے کہا کہ بہتر ایجوکیشن اور ہیلتھ عوام کے بنیادی حقوق ہیں۔ اس پر تمام تر اصلاحات کی ضرورت ہیں۔ سکولوں، ہسپتالوں اور بی ایچ یوز کی فعالیت کے لیے تمام تر سہولیات بروئے کار لائے جائیں۔ ان دونوں سیکٹرز میں محکمہ کی جانب سے کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کیا جائے گا۔ غیر حاضر اساتذہ، ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے خلاف محکمانہ کارروائی کی جائے۔ ان کو نوٹسز بھجوائے جائیں۔

شال بقیہ 51

گیا انہوں نے کہا کہ صحبت پور ضلع کے پولیس تھانہ شہید ملک محمد علی کی حدود میں جرائم پیشہ افراد کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے اور جرائم پیشہ افراد کو کسی بھی صورت میں معاف نہیں کیا جائے گا قانون کے ہاتھ لمبے ہوتے ہیں ان کو کوئی بھی جگہ چھپنے کے لیے نہیں ملے گی انہوں نے کہا اشتہاری اور روپوش ملزمان کو گرفتار کرنے کے لئے عملی طور پر اقدامات کئے جا رہے ہیں ایس ایس پی صحبت پور سجاد حیدر ترین ڈی ایس پی صحبت پور خادم حسین ڈنگر کی ہدایت کی روشنی میں پولیس کے گشت میں اضافہ کیا گیا ہے اور پولیس جوانوں دن رات گشت کر کے علاقے کو مزید امن کا گہوارہ بنا دیں گے۔

شال بقیہ 52

ریفرنس سے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج عبدالقیوم بلوچ وکلاء بار ایسوسی ایشن کے صدر ممتاز علی ایڈووکیٹ، قاضی کفایت اللہ بلوچ، وفاقی محتسب کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر شہزادہ علاء الدین بلوچ، سپرنٹنڈنٹ حاجی عزت اللہ بلوچ، اوتھل کے صدر پرنس محی الدین، حنیف ساگر اور کامران بلوچ نے خطاب کرتے ہوئے شہید کے خدمات پر روشنی ڈالی، خصوصاً سود کے خلاف فیصلہ دینا اللہ اور اللہ کے رسول کی احکامات اور سنتوں کے عین مطابق ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہید محمد نور مسکانزئی نے عدل و انصاف کو پورے صوبے میں وسعت دی، اور ہمیشہ ان کی کوشش رہی کہ بلوچستان اور بالخصوص خاران کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا تھا۔

شال بقیہ 53

میں شہید عارف جان ملنگوئی سپورٹس نے ٹاس جیت کر پہلے خود بیٹنگ کا فیصلہ کیا اور مقررہ اوورز میں وہتین ڈشتی کلب کو 149 رنز کا ہدف دیا جسکے مقابلے میں وہتین ڈشتی کلب کی بیٹنگ لائن ریت کی دیوار ثابت ہوئی پوری ٹیم 149 رنز کے تعاقب میں محض 123 رنز پر ڈھیر ہوگئی اور اسطرح میچ شہید عارف جان ملنگوئی سپورٹس نے 25 رنز سے میچ جیت لیا۔ اختتامی تقریب سے حاجی میر محمد جمعہ کہدائی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کھیل اور کھلاڑیوں کسی بھی معاشرے میں امن، محبت اور آشتی کی علامات ہوتے ہیں کھیلوں کو فروغ دیکر معاشرے میں ایک پرامن اور سازگار بھائی چارے کی فضا پیدا کیا جاسکتا ہے انہوں نے کہا خاران میں کرکٹ، فٹبال اور والی بال کے کھلاڑیوں کی صلاحیتیں قابل فخر ہیں کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کرکے ہی نوجوانوں کو منفی سرگرمیوں اور منشیات کی تباہ کاریوں سے بچایا جاسکتا ہے۔

شال بقیہ 54

معائنہ کرواتے ہوئے کہا کہ الخدمت فاؤنڈیشن سیلاب متاثرین کے دکھوں کا مداوا کرنے کے لئے میدان عمل میں موجود ہے جبکہ خیمہ بستی میں الخدمت فاؤنڈیشن نے بہترین سہولیات فراہم کی ہوئی ہیں متاثرین کے لیے تیار کھانے، صاف پانی، بچوں کے لیے دینی و دنیاوی تعلیم سمیت علاج معالجے کی تمام تر سہولتیں قائم ٹینٹ سٹی میں موجود ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نیشنل پریس کلب ڈسٹرکٹ اوستہ محمد کے صحافیوں کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا متاثرین کی آخری بحالی تک خدمت خلق کا یہ سفر جاری رکھیں گے انھوں نے مزید کہا کہ الحمد اللہ الخدمت فاؤنڈیشن کے پلیٹ فارم سے بلا رنگ و نسل انسانیت کی خدمت شامل ہے جبکہ گنداخہ میں ابھی تک چاروں اطراف میں کافی مقدار میں پانی موجود ہے ان شاء اللہ قائم ٹینٹ سٹی کا سلسلہ متاثرین کی بحالی تک جاری رکھیں گے اور جلد متاثرین کی مکمل بحالی اور سردی سے بچنے کے لیے گرم کمبل، کپڑے فراہم کرکے اور تعمیراتی کاموں کا سروے بھی کیا جائے گا۔

شال بقیہ 55

کلب کے صدر روزنامہ بولان کے چیف ایڈیٹر محمد الیاس کمبوہ کے والد حبیب احمد کمبوہ کے وفات پر دلی انہوں کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی اللہ تعالیٰ اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

شال بقیہ 56

کی اس گھڑی میں آپ کے ساتھ ہے۔

شال بقیہ 57

میں اضافہ ہوا ہے روپے کی قدر جیسے ہی بڑھے گی مہنگائی کم ہوگی، گوردوارہ میں اخراجات سے متعلق وزارت مذہبی امور کی جانب سے تسلی بخش جواب نہ دینے پر اقلیت کے سینیٹرز نے وزارت مذہبی امور میں پارلیمانی سیکرٹری رکھنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا سیکرٹری رکھ لیتے از کم عزت او احترام سے جواب تو ملتا مولانا کو ہماری عبادت گاہوں کا معلوم ہی نہیں، وفاقی وزیر مذہبی امور نے جواب دیا کہ اقلیت کو تکلیف ہے کہ میں مولوی کیوں وزیر ہوں، میرے قرآن، میرے مذہب نے اقلیت کو حق دیا ہے، میں ان کا تحفظ کرتا ہوں، چار سال قبل یہ سوال کیوں نہ کیا گیا، وہ گند میں صاف نہیں کر سکتا، اس موقع پر اقلیتی ارکان نے اپنی توہین قرار دیتے ہوئے کہ واک آؤٹ کر گئے، چیئرمین سینٹ نے بار بار کہا کہ بیت میں درد والی بات واپس لیں جس پر وفاقی وزیر نے جواب دیا کہ جو کہا ٹھیک کہا، اپوزیشن نے وقفہ سوالات میں ہر ممبر کو بولنے کا حق ہے، وزیر اپنے الفاظ واپس لیں، الفاظ واپس نہ لینے پر اپوزیشن بھی واک آؤٹ کر گئی، گزشتہ روز وقفہ سوالات میں ایوان بالا میں انکشاف ہوا ہے کہ سپیشل اکنامک زون میں کمی ہوئی ہے جس پر سینیٹر بہرہ مند تنگی نے کہا کہ کرونا تو 2021 میں زیادہ تھا اور اب تو کرونا نہ ہونے پر ہے، پھر بھی انوسمنٹ کم ہوئی ہے جس پر حکومت کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ کرونا کی وجہ سے کمی آئی ہے لیکن اب فیز ٹو میں انڈسٹری کی جانب بڑھ رہے ہیں اور انکے بہتر رزلٹ آئیں گے سپیشل اکنامک زون پنجاب دس، کے پی کے دو، سندھ تین اور اسلام آباد میں ایک زون ہے، سینیٹر عرفان صدیقی نے سوال کیا کہ دوسرے فیز میں کچھ پیش رفت کب تک ہوئی، فیز ون کب مکمل ہوا جس پر جواب میں بتایا گیا کہ ریلوے کے پراجیکٹ کچھ تاخیر کا شکار ہوئے ہیں، ڈیڑھ سال تک تاخیر کا شکار ہوا لیکن اب کوئی معاملہ نہیں ہے، ایوان میں مصدق ملک نے بتایا کہ سوئی سدرن کی ریونیو شائع ہو چکی ہے، اور اس کے بعد آڈٹ ہوگا، بلوچستان میں کوئی پے منٹ بقایا ہوئی تو یقین دلاتا ہوں کہ وہ فوری ادا کیا جائے گا، وزیر مملکت پٹرولیم نے مزید بتایا کہ او جی ڈی سی ایل اور پی پی ایل کے نئے بلاکس کے لیے آوٹ بنا رہے ہیں، اور وہاں نئی انوسٹمنٹ ہوگی اور یقیناً وہاں انکا منافع ہی بڑھے گا، پاک عرب فرٹیلائزر کمپنی یو اے ای شیئر ہولڈرز ہے، انکے ساتھ بھی معاہدہ ہوا ہے کہ وہ انوسٹمنٹ مزید کرے گی، یہ بات بھی درست ہے کہ سرکلر ڈیٹ کی وجہ سے ان کا منافع نظر نہیں آتا، مصدق ملک نے بتایا کہ علاقائی ڈیولپمنٹ کچھ کمپنیاں کر رہی ہوتی ہے اور سی ایس آر سے متعلق مزید جواب تفصیل سے دیا جائے گا، پٹرولیم میں 45 سے 50 فیصد شیئر حکومت کا ہوتا ہے، اس کے علاوہ نجی کمپنیوں کا شیئر ہوتا ہے، ڈیزل میں 56 سے 70 فیصد شیئر پی ایس او کا ہوتا ہے، اور یہ اس لیے ہے کہ کویت سے ہمارا کنٹریکٹ ہے اور اس کے پیش نظر پی ایس او کو ملتا ہے، سینیٹرز نے سوال کیا کہ اتنا پٹرول لوکو موٹو کے لیے خرچ کیا جا رہا ہے، اس حوالہ سے دھواں دھار کی وجہ سے آبادی بھی متاثر ہو رہی ہے، اور اس پر الیکٹرک موٹر کو پروموٹ کی جائے تو ہم بہت سارے مسائل سے بچ جائیں گے، مصدق ملک نے بتایا کہ ہمارے ملک میں لمبر پچر انتہا کو پہنچتا ہے۔

LAND ACQUISTION

Whereas it appears to the Deputy Commissioner/Collector, Quetta District that land bearing Khasra No. 547/539/462/417/317/58-59-60-62, 561/547/535/462/417/317/58-59-60-62, 563/560/539/535/562/417/317/58-59-60-62, 539/535/470/463/410/462/417/371/58-59-60-62 measuring 20-Rodh 05-Pol (219161 square feet), situated in Mahal Karaiz Sadiq, Mouza Shaikhmanda, Tappa Baleli, Tehsil Kuchlak, Quetta (detail given in the schedule appended below), is needed to be acquired by the Government of Balochistan, Information and Technology Department for public purpose namely "Construction of IT Park". It is hereby notified that the land in the locality prescribed below is likely to be acquired for the aforesaid purpose.

2. This declaration is made under Section 4 of Land Acquisition Act, 1894 (1 of 1894), to all whom it may concern.

3. In exercise of the powers conferred by the said Section, the Deputy Commissioner / Collector, Quetta District, is pleased to authorize the officers, their servants and workmen for the time being engaged in undertaking work on the subject land to enter upon and survey the land in the locality and do all other acts, required or permitted by the said Section.

4. Any person having interest in the land who has any objection to the acquisition of the above mentioned land may, as given under Section 5 (A) of the said Act, file objections in writing before the Deputy Commissioner / Collector, Quetta District, within Thirty Days (30) of the publication of this notification.

Details can be obtained from the office of undersigned during office timings.

Deputy Commissioner
Collector, Quetta

PRQ No.705/20-10-2022

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Director General IT, Science & IT Department, Government of Balochistan, invites e-bids through Electronic Public Procurement System (EPPS) of B-PPRA:

S.#	Tender	E/Cost
1.	Renovation of Balochistan Provincial Assembly (Surveillance System).TSE-222310135351	116.812 Million

Bid Security: The bids must accompany Bid Security @ 2% in the form of Call Deposit in favor of Director General IT, Balochistan. Bidding/Tender document: The Tender/bidding document fee of Rs: 1000/- in Government Account C-38 others, C-3870 others on the name of Secretary Science & IT Department be submitted, as the bank slip is mandatory to attach with tender documents at the time of submission of bids. The bid can only be submitted electronically latest by ***07th November 2022*** till 11:30 AM through supplier dashboard ***Tender Opening:*** All tenders will be opened on same day at 12:30 pm on EPPS System. For Details Contact:-

DIRECTORATE GENERAL OF IT, BALOCHISTAN
01st Floor, Block # 14, Civil Secretariat
Balochistan, Quetta. Tel # 081-9203539

PRQ No. 730/21-10-2022 @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily SHAL Quetta

4

22 اکتوبر 2022ء

روزنامہ شال

ثمینہ زہری کی سیلاب زدگان کیلئے خدمات قابل ستائش ہیں، عوامی حلقے

بلوچستان بارشوں اور سیلاب سے سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے

جس کے اثرات اب بھی باقی ہیں، سیلاب متاثرین کو مزید مدد کی ضرورت ہے

حب (این این آئی) بلوچستان میں بارشوں اور سیلاب کی تباہ کاریوں اور امداد و بحالی کے اقدامات پر مقامی این جی او نے حب، لسبیلہ اور اوتھل کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں سیلاب زدگان کی امداد و بحالی پر سروے رپورٹ جاری کی ہے۔ رپورٹ میں بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں امداد و بحالی اور حکومت و دیگر اداروں کی جانب سے اٹھائے گئے اقدامات کا جائزہ لیا گیا ہے۔ رپورٹ میں لسبیلہ اور حب کے مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد و عوامی حلقوں نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں اب بھی سیلاب سے متاثرہ افراد کو مدد کی ضرورت ہے۔ صوبائی اور وفاقی حکومتوں کی جانب سے بلوچستان کے مختلف علاقوں میں امداد پہنچانے اور بحالی کے کام جاری ہیں۔ بقیہ نمبر33 صفحہ 3 پر

ڈائریکٹر جنرل خزانہ اینڈ کاؤنٹس محمد افضل خوستی کو خزانہ آفیسر کوئٹہ خالد خان مندوخیل سوینئر پیش کر رہے ہیں

تین ماہ گزرنے کے باوجود سیلاب متاثرین کو امداد نہیں مل رہا ہے، غلام مصطفیٰ مینگل

حالیہ سیلاب سے ہمارے گھر اور فصلوں کو شدید نقصان پہنچا ہے امداد کی جائے، میاں داد جمالی

صوبائی حکومت ضلعی انتظامیہ اور منتخب نمائندوں نے ہمیں نظر انداز کر دیا ہے، سیلاب متاثرین کی گفتگو

گنداخہ (نامہ نگار) مظہری شاخ نیل کے سیلاب متاثرین نے حکومت کی جانب سے ریلیف نہ ملنے پر احتجاجی مظاہرہ کیا گیا، میاں داد جمالی اور غلام مصطفیٰ مینگل کی نگرانی مختلف گاؤں گوٹھ اللہ بخش جمالی، گوٹھ درمحمد مینگل، کیمپ رئیس حسن دین جمالی، گوٹھ غلام میراں خان جمالی، گوٹھ رضا محمد مینگل، گوٹھ علی دوست مغازئی، و دیگر کے رہائشیوں نے مظہری شاخ پر ٹائر جلا کر احتجاجی مظاہرہ کیا اس موقع پر مظاہرین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سیلاب کو تین بقیہ نمبر48 صفحہ 3 پر

اسوقت پورے بلوچستان کے سینکڑوں طلبا پنجاب میں سکالرشپ پر زیر تعلیم ہیں، علی احمد کاکڑ

پنجاب میں ایک تنظیم منظم طریقے سے بلوچستان کے طلبا کو حراساں کرتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن اور ممبر جوڈیشل کمیشن آف پاکستان علی احمد کاکڑ نے کہا ہے کہ اسوقت پورے بلوچستان کے سینکڑوں طلبا پنجاب میں سکالرشپ پر زیر تعلیم ہیں مگر بدقسمتی سے پچھلے ایک دو ادوار میں بلوچستان کے طلبا کی سکالرشپ کیساتھ ساتھ پنجاب حکومت نے انکے مضامین کو بھی سکالرشپ سے نکال دیا ہے جو بلوچستان جیسے پسماندہ صوبے کے طلبا کے ساتھ ناانصافی اور زیادتی ہے جس پر طلبا سراپا احتجاج ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں بقیہ نمبر47 صفحہ 3 پر

جی او سی 44 اسپیشل سیکورٹی ڈویژن کی مقامی عمائدین اور معززین علاقہ سے ملاقات

گوادر میں پاکستان کے کسی بھی دوسرے خطہ سے کہیں زیادہ صلاحیت موجود ہے، ملاقات میں بات چیت

کوئٹہ (این این آئی) جی او سی 44 اسپیشل سیکورٹی ڈویژن کی مقامی عمائدین اور معززین علاقہ سے ملاقات، علاقے کی ترقی و خوشحالی اور پائیدار امن و استحکام کے لئے پاک فوج کی دیگر ریاستی اداروں کی مکمل حمایت کی یقین دہانی کروائی گئی۔ جی او سی 44 اسپیشل سیکورٹی ڈویژن نے گوادر کے مقامی عمائدین، سیاسی اکابرین، انتظامیہ کے افسران، مذہبی رہنماؤں، ماہی گیر برادری کے نمائندوں، معززین علاقہ اور زندگی کے مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے مردو بقیہ نمبر46 صفحہ 3 پر

پنجگور میں اربوں روپے کے کرپشن کی فوری طور پر تحقیقات کی جائے، حاجی صالح محمد بلوچ

اسکیمز کی ری ویری فکیشن کے نام پر نئے حربے استعمال کیا جا رہا ہے، ضلعی صدر نیشنل پارٹی پنجگور

پنجگور (این این آئی) نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر حاجی صالح محمد بلوچ، مرکزی رہنما، سابق رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد اسلام بلوچ، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری برائے بلوچستان پھلین بلوچ، ضلعی جنرل سیکرٹری صدیق بلوچ، سابق چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل عبدالمالک تاج بلوچ، الطاف بلوچ، محمد نواز بلوچ، زاہد حسین، حاجی شہباز بلوچ کاروباری شخصیت حاجی نواز اور دیگر نے پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے کہا کہ حکومت اور ضلعی انتظامیہ کی غلط پالیسیوں بقیہ نمبر45 صفحہ 3 پر

جمیل احمد بلوچ کا مختلف سیم شاخوں ڈرینج کی سیلاب سے تباہ ہونے کی جگہوں کا دورہ

حالیہ بارشوں اور سیلابی ریلے کی وجہ سے ضلع صحبت پور مکمل تباہی سے دوچار ہوا

ماجھی پور (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر صحبت پور کیپٹن ریٹائرڈ جمیل احمد بلوچ نے مختلف سیم شاخوں ڈرینج کی سیلاب سے تباہ ہونے کی جگہوں کا دورہ کیا انہوں نے کہا کہ حالیہ بارشوں اور سیلابی ریلے کی وجہ سے ضلع صحبت پور مکمل تباہی سے دوچار ہوا جس کی وجہ سے نہ صرف گاؤں کے گاؤں تباہ ہوئے بلکہ تمام سرکاری عمارتیں، اسکولز بھی بری طرح متاثر ہوئے اب بحالی کا سلسلہ ہنگامی بنیادوں پر شروع کر دیا گیا ہے سب سے پہلے عوام کو پینے کا صاف پانی کی فراہمی انتہائی اہمیت کی بقیہ نمبر44 صفحہ 3 پر

خضدار محل و وقوع کے لحاظ سے اہمیت کا حامل شہر ہے محمد صالح جاموٹ

ماسٹر پلان کے تحت خضدار کو ترقی دینے کے لئے اقدامات عمل میں لائے جائیں گے

خضدار (خ ن) ایف آفیسر میونسپل کارپوریشن خضدار وڈیرہ محمد صالح جاموٹ نے کہا ہے کہ شہر کو بارونق بنانے کے لئے دستیاب وسائل کے اندر رہتے ہوئے اقدامات کیے جائیں گے خضدار محل و وقوع کے لحاظ سے اہمیت کا حامل شہر ہے اور مستقبل میں اس شہر کو مزید ترقی کرنا ہے ماسٹر پلان کے تحت خضدار کو ترقی دینے کے لئے اقدامات عمل میں لائے جائیں گے وڈیرہ محمد صالح جاموٹ کا کہنا تھا کہ ہمیں موقع ملا ہے کہ خضدار کی خوبصورتی کے لئے کام کریں اور تاجر برادری بقیہ نمبر43 صفحہ 3 پر

کوہاٹ اور ایبٹ آباد کی میڈیا کالونیوں کا مسئلہ الیکشن سے قبل حل کروا لیں گے، مشیر اطلاعات بیرسٹر سیف

خیبر پختونخوا کے سیاسی حالات میں چپقلش پائی جاتی ہے، مشیر اطلاعات

عوام کو اس بارے پریشان ہونے کی ضرورت نہیں، صوبہ ہماری ذمہ داری، نبھانا جانتے ہیں

ایبٹ آباد (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ ایبٹ آباد اور کوہاٹ کی میڈیا کالونیوں کا مسئلہ الیکشن سے قبل حل کروا لیں گے۔ صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میڈیا کالونی کے حوالے سے ان کی بات اسپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی مشتاق احمد غنی سے بھی چل رہی ہے، بہت جلد اس مسئلہ کو حل کر کے ایبٹ آباد کے صحافیوں کو ان کا حق دلوائیں گے۔ بیرسٹر سیف نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے سیاسی حالات میں ایک چپقلش سی پائی جاتی ہے لیکن خیبر پختونخوا کی عوام کو اس بارے میں پریشان ہونے کی کوئی ضرورت نہیں کیونکہ صوبہ ہماری ذمہ داری ہے اور ہم اس ذمہ داری کو نبھانا جانتے ہیں۔ مسئلہ الیکشن سے قبل حل کروا لیں گے۔ صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میڈیا کالونی کے حوالہ سے ان کی بات اسپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی مشتاق احمد غنی سے بھی چل بقیہ نمبر42 صفحہ 3 پر

الیکشن کمیشن نے عمران خان کو نااہل کر دیا جو کہ قانون کی جیت ہے، سردار یعقوب خان ناصر

الیکشن میں غلط اسٹیٹ منٹ جمع کر کے جھوٹ بولا جو کہ قوم اور قانون کے ساتھ سنگین مزاق کے مترادف ہے

قانون کو اپنے ہاتھوں میں لینے کی کوشش کی تو انکے خلاف حکومت سخت کاروائی کرے گی

لورالائی (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر نائب صدر سابق وفاقی وزیر ریلوے سردار محمد یعقوب خان ناصر نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن نے عمران خان کو توشہ خانہ ریفرنس میں نااہل کر دیا جو کہ قانون کی جیت ہے۔ یہ بات انہوں نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن میں غلط اسٹیٹ منٹ جمع کر کے جھوٹ بولا جو کہ قوم اور قانون کے ساتھ سنگین مزاق کے مترادف ہے انہوں نے کہا کہ عمران خان قانون سے اپنے آپکو ہمیشہ بالاتر سمجھتا تھا لیکن آج وہ قانون کے گرفت میں آ چکا ہے اسکے خلاف 63 اے کے تحت فوجداری مقدمہ بھی درج ہونے جا رہا ہے وہ اب رکن قومی اسمبلی بھی نہیں رہے اگر انہوں نے قانون کو اپنے ہاتھوں میں لینے کی کوشش کی تو انکے خلاف بقیہ نمبر32 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، پاک فوج کے اہلکار سیلاب متاثرہ علاقے میں خواتین کو دوائیاں تقسیم کر رہے ہیں

ضلعی انتظامیہ سیلاب متاثرین کی خدمت میں کوئی کسر نہیں چھوڑ گی، عائشہ زہری

سردیوں کی آمد کے ساتھ ساتھ متاثرین کو ٹینٹس کی اشد ضرورت ہے، ڈپٹی کمشنر نصیر آباد

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد عائشہ زہری کے احکامات پر سیلاب متاثرین میں ٹینٹ تقسیم کرنے کا عمل جاری ہے بلوچستان حکومت کی جانب سے فراہم کیے گئے تمام ٹینٹس حقدار متاثرین میں تقسیم کیے جائیں سردیوں کی آمد کے ساتھ ساتھ متاثرین کو ٹینٹس کی اشد ضرورت ہے نصیر آباد ضلعی انتظامیہ محدود وسائل میں رہ کر سیلاب متاثرین کی خدمت میں کوئی کسر نہیں چھوڑ گی ان خیالات کا اظہار سیلاب متاثرین میں ٹینٹ تقسیم کرنے والے آفیسران سے بات چیت بقیہ نمبر38 صفحہ 3 پر

ایس ایچ او سٹی تھانہ خاران محمد قاسم کی کاروائی

خاران شہر سے چوروں کی بڑی گینگ گرفتار

خاران (نمائندہ خصوصی) ڈی آئی جی رخشان رینج نذیر احمد کرد کی ہدایات پر ایس پی خاران آصف حلیم بلوچ کی زیر نگرانی ایس ایچ او سٹی تھانہ خاران محمد قاسم ایڈیشنل ایس ایچ او سید سدھیر احمد شاہ تفتیشی آفیسر زنگل بدین بقیہ نمبر39 صفحہ 3 پر

سماجی کارکن ثمرہ ملک نے پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کرنے کے اعلان کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) سماجی کارکن ثمرہ ملک نے پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کرنے کے اعلان کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ کی سماجی کارکن ثمرہ ملک نے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری، مرد حر سابق صدر و کو چیئرمین پی پی پی آصف علی زرداری، شعبہ خواتین کی مرکزی صدر فریال تالپور، آصفہ بھٹو زرداری، صوبائی صدر چنگیز خان جمالی، سیکرٹری جنرل لالا روزی بقیہ نمبر40 صفحہ 3 پر

خدا بخش عرف کے بی خاکسیلی کا حبیب احمد کمبوہ کی رحلت پر اظہار رنج و غم کا اظہار

اوتھل (نامہ نگار) سٹی پریس کلب اوتھل کے صدر خدا بخش عرف کے بی خاکسیلی، جنرل سیکرٹری عبدالغنی، سوہرو، نائب صدر غلام قادر خاکسیلی، خازن جاوید لاسی، پریس سیکرٹری حفیظ دانش، آفس سیکرٹری عمران ساگر چنہ چیئرمین مشاورتی کونسل محبوب شاہ، وائس چیئرمین شفیق احمد چنہ، ممبران عبدالحمید شاہین چنہ اور بقیہ نمبر41 صفحہ 3 پر

شہید باز محمد فاؤنڈیشن کی خدمات قابل قدر ہے، شاہد اللہ خان

معاشرے کے فرد بھلائی کے کام میں اپنے حصے کا کردار ادا کریں، کمشنر لورالائی ڈویژن

لورالائی (این این آئی) کمشنر لورالائی ڈویژن شاہد اللہ خان نے کہا کہ معیاری تعلیم ہی میں قوموں کی ترقی کا راز پوشیدہ ہے۔ سرکاری آفیسران کے ساتھ مخیر حضرات بھی اس حوالے سے اپنے فرائض ادا کریں، شہید باز محمد فاؤنڈیشن کی خدمات قابل قدر ہے، معاشرے کے فرد بھلائی کے کام میں اپنے حصے کا کردار ادا کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یونیورسٹی آف لورالائی میں شہید باز محمد فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام بھر بھراین کے عالمی دن اور کتب میلہ کے حوالے سے منعقدہ سیمینار کے موقع پر بقیہ نمبر37 صفحہ 3 پر

ڈپٹی کمشنر [illegible]

ژوب، شمسی پلیٹوں کی چوری کے وارداتوں میں اضافہ عوام پریشان ضلعی انتظامیہ نوٹس لیں

ژوب۔ (نامہ نگار) ژوب کے دیہاتی علاقوں میں زرعی اراضیوں سے شمسی پلیٹوں کی چوری کے وارداتوں میں اضافہ عوام پریشان ضلعی انتظامیہ نوٹس لیں تفصیلات کے مطابق ژوب کے دیہاتی علاقے یونین کونسل بقیہ نمبر49 صفحہ 3 پر

بہتر ایجوکیشن اور ہیلتھ عوام کے بنیادی حقوق ہیں، عتیق الرحمن شاہوانی

سکولوں، ہسپتالوں اور بی ایچ یوز کی فعالیت کے لیے تمام تر سہولیات بروئے کار لائے جائیں

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر عتیق الرحمن شاہوانی کے زیر صدارت این جی اوز پروگریس ریویو میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر قاسم خان کاکڑ، تحصیلدار شیر شاہ علوزئی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسر سید ساجد شاہ، ڈپٹی ایجوکیشن افسر جمال الدین کدیزئی، ڈسٹرکٹ افسر ایجوکیشن میل بہادر شاہ ناصر، ڈسٹرکٹ افسر ایجوکیشن فیمیل عارفہ درانی، ای ایس پی کے ڈسٹرکٹ کوارڈینیٹر عبدالسلام بادیزئی، بی آر ایس کے سی ای او ولی محمد، توکل پرنس سید سمیع اللہ شاہ بقیہ نمبر50 صفحہ 3 پر

شہید محمد نور مسکانزئی کی خدمات کے حوالے سے تعزیتی ریفرنس کا انعقاد

خاران (نمائندہ خصوصی) بلوچستان ہائی کورٹ کے سابق چیف جسٹس شہید محمد نور مسکانزئی کے خدمات کے حوالے سے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ خاران میں ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج عبدالقیوم بلوچ، سپرنٹنڈنٹ حاجی عزت اللہ بلوچ اور جوڈیشری سٹاف کی طرف سے ایک تعزیتی ریفرنس منعقد ہوا جسمیں جوڈیشل افیسران، وکلا برادری اور جوڈیشری سٹاف نے شرکت کیا۔ تعزیتی بقیہ نمبر52 صفحہ 3 پر

علاقے میں قیام امن کو مزید بہتر بنانے کیلئے بھرپور اقدامات کئے جا رہے ہیں، لطف علی کھوسہ

جرائم پیشہ افراد کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہے، ایس ایچ او پولیس تھانہ شہید ملک محمد علی

صحبت پور (نامہ نگار) پولیس تھانہ شہید ملک محمد علی کے ایس ایچ او لطف علی کھوسہ نے کہا کہ علاقے میں قیام امن کو مزید بہتر بنانے کیلئے بھرپور اقدامات کئے جا رہے ہیں جرائم پیشہ افراد کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہے ان کے خلاف بھرپور قانون کارروائی عمل میں لائی جائے گی عوام جرائم پیشہ افراد کی نشاندہی کے لئے پولیس کے ساتھ تعاون کریں علاقے میں امن و امان کو قائم رکھنا اولین ترجیحات میں شامل ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں کے ایک گروپ سے بات چیت کرتے ہوئے بقیہ نمبر51 صفحہ 3 پر

خاران سپر لیگ کرکٹ ٹورنامنٹ کے سلسلے میں افتتاحی میچ کھیلا گیا

خاران (نمائندہ خصوصی) خاران سپر لیگ کرکٹ ٹورنامنٹ کے سلسلے میں افتتاحی میچ عارف جان مینگل سپورٹس بمقابلہ دوستین ذہنی سٹارز کے مابین کھیلا گیا افتتاحی میچ کے مہمان خاص سابق تحصیل ناظم حاجی میر محمد جمعہ کبدانی تھے جنہوں نے پرگینہ کو شارٹ مار کر باقاعدہ ٹورنامنٹ کا آغاز کر دیا میچ کے ابتدائی مرحلے بقیہ نمبر53 صفحہ 3 پر

نصیر آباد ڈپٹی کمشنر عائشہ زہری کے احکامات پر تحصیلدار ہمایوں کاکڑ متاثرین میں ٹینٹ تقسیم کر رہے ہیں

عمران خان کے خلاف متنازعہ اور جانبدارانہ فیصلے کو قوم نے مسترد کر دیا ہے، ظہور احمد آغا

پی ٹی آئی کے چیئرمین عمران خان کے خلاف الیکشن کمیشن کے متنازعہ اور جانبدار فیصلے کو قوم نے مسترد کر دیا ہے

پی ٹی آئی مزید شدت کے ساتھ احتجاجی تحریک چلائے گی، آئندہ انتخابات میں پی ڈی ایم کو 10 فیصد ووٹ بھی نہیں ملیں گے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما، سابق گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے چیئرمین عمران خان کے خلاف الیکشن کمیشن کے متنازعہ اور جانبدار فیصلے کو قوم نے مسترد کر دیا ہے، پی ٹی آئی مزید شدت کے ساتھ احتجاجی تحریک چلائے گی، آئندہ انتخابات میں پی ڈی ایم کو 10 فیصد ووٹ بھی نہیں ملیں گے۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ سید ظہور آغا نے کہا کہ دنیا بھر میں عمران خان کے چاہنے والوں نے الیکشن کمیشن کے جانبدار فیصلے کو مسترد کر دیا ہے، عمران خان کے خلاف توشہ خانہ ریفرنس بنتا ہی نہیں تھا عمران خان نے ایف بی آر میں اثاثے ظاہر کر کے ٹیکس جمع کروایا ہے جبکہ توشہ خانہ کا معاملہ 120 دن گزرنے کے بعد ٹائم بقیہ نمبر35 صفحہ 3 پر

بلوچستان کی معاشی ترقی میں بزنس کمیونٹی کا کردار قابل تحسین ہے، فرح عظیم شاہ

بزنس کمیونٹی کسی بھی معاشرے میں معیشت کے استحکام میں اہم کردار ادا کرتی ہے، ترجمان حکومت بلوچستان

حکومت صوبے میں امن و امان کے قیام کے لئے اقدامات کر رہی ہے پرامن بلوچستان ہمارا مستقبل ہے

کوئٹہ (این این آئی) ترجمان حکومت بلوچستان فرح عظیم شاہ نے کہا ہے کہ حکومت صوبے میں امن و امان کے قیام کے لئے اقدامات کر رہی ہے پرامن بلوچستان ہمارا مستقبل ہے ہماری زمین قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے اور یہی وجہ ہے کہ بیرونی سازشوں کا شکار ہے، بزنس کمیونٹی کسی بھی معاشرے میں معیشت کے استحکام میں اہم کردار ادا کرتی ہے، بلوچستان کی معاشی ترقی میں بزنس کمیونٹی کا کردار قابل تحسین ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے روسای بزنس کمیونٹی کے وفد کے ہمراہ سال چیمبر کے دورے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پاکستان کے سوڈان میں متعین سفیر میر بہروز ریگی، چیمبر آف سمال ٹریڈرز کے صدر روحی محمد نورزئی، رحیم کاکڑ، حمداللہ ترین، ملک ندیم کاسی، ندیم خان بقیہ نمبر34 صفحہ 3 پر

اسپیشل سیکرٹری داخلہ صلاح الدین نورزئی غیر ملکیوں کی سیکورٹی سیل کی منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

فیصل آباد الائیڈ ہسپتال میں ڈینگی کے مزید 7 مریض داخل

فیصل آباد (این این آئی) الائیڈ ہسپتال میں ڈینگی کے مزید 7 مریض داخل، آئسولیشن وارڈ میں ڈاکٹروں کی جان بچانے کی کوششیں جاری۔ بتایا گیا ہے کہ الائیڈ ہسپتال میں گزشتہ 24 گھنٹوں میں ڈینگی کے مزید 7 مریض داخل ہوئے الائیڈ ہسپتال میں ڈینگی کے کنفرم مریضوں کی مجموعی تعداد 11 ہو گئی۔ فیصل آباد سے 5 'لاہور 2 'اسلام آباد سے '1' بھکر سے 1 اور ٹوبہ ٹیک سنگھ سے ایک مریض شامل ہے۔ متاثرہ مریضوں کو آئسولیشن وارڈ میں طبی امداد کی فراہمی کا سلسلہ جاری۔

وزیراعلیٰ پنجاب سے ترجمان حکومت مسرت جمشید چیمہ، پی ٹی آئی رہنما جمشید اقبال کی ملاقات

چوہدری پرویز الٰہی نے مسرت جمشید چیمہ کو نئی ذمہ داریوں کا نوٹیفکیشن دیا، نیک خواہشات کا اظہار

وفاقی حکومت نے پنجاب کے سیلاب زدگان کیلئے ایک پائی تک نہیں دی، وزیر اعلیٰ پنجاب کی گفتگو

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی سے ترجمان پنجاب حکومت مسرت جمشید چیمہ اور تحریک انصاف کے مرکزی رہنما جمشید اقبال چیمہ نے ملاقات کی۔ پرنسپل سیکرٹری وزیراعلیٰ محمد خان بھٹی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی نے مسرت جمشید چیمہ کو نئی ذمہ داریوں کا نوٹیفکیشن دیا اور ان کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے مسرت جمشید چیمہ کو فلاح عامہ کے حکومتی اقدامات کو بھرپور طریقے سے اجاگر کرنے کی ہدایت کی۔

کوئٹہ، پاک فوج کے اہلکار سیلاب سے متاثرہ علاقے میں قائم میڈیکل کیمپ میں مریضوں کا معائنہ کر رہے ہیں

الخدمت فاؤنڈیشن کی جانب سے گنداخہ میں قائم ٹینٹ سٹی کو ایک ماہ ہو چکا ہے، خاطر خان جمالی

گنداخہ (نامہ نگار) جماعت اسلامی ضلع اوستہ محمد کے امیر حاجی خاطر خان جمالی نے کہا کہ الخدمت فاؤنڈیشن کی جانب سے گنداخہ میں قائم ٹینٹ سٹی کو ایک ماہ ہو چکا ہے جس میں 50 گھرانے رہائش پذیر ہیں اور جنہیں الخدمت فاؤنڈیشن کی جانب سے روزانہ کے بنیاد پر 500 افراد میں تیار کھانا تقسیم کیا جاتا ہے اس موقع پر جماعت اسلامی ضلع اوستہ محمد کے امیر حاجی خاطر خان جمالی نے نیشنل پریس کلب ڈسٹرکٹ اوستہ محمد کے صحافیوں کے وفد کو قائم ٹینٹ سٹی کا بقیہ نمبر54 صفحہ 3 پر

چینی فیڈ کمپنیوں نے پاکستان میں سرمایہ کاری شروع کر دی، وسیم عباس

انزائمز پاکستان میں سب سے زیادہ ضروری فیڈ ایڈیٹیو ہیں، منیجر فیڈ ٹیکنالوجی کمپنی

لاہور (این این آئی) سیلاب کے بعد مکئی، سویابین کھانوں اور تیل جیسے خام مال کی قیمتیں آسمان پر پہنچ گئی ہیں، ایسے حالات میں فیڈ ایڈیٹیو کم سے کم لاگت والی فیڈ فارمولیشن فراہم کرنے اور پولٹری انڈسٹری کی بحالی میں تیزی لانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ یہ بات بیجنگ میں واقع ایک فیڈ ٹیکنالوجی کمپنی کے پاکستانی منیجر ڈاکٹر وسیم عباس نے ایک انٹرویو میں کہی۔

سکھر میں سائبر کرائم ونگ کی کارروائی، بچوں کی نازیبا ویڈیوز پھیلانے والے 2 ملزمان گرفتار

سکھر (این این آئی) سکھر میں ایف آئی اے سائبر کرائم نے کارروائی کرتے ہوئے بچوں کی غیر اخلاقی ویڈیوز سوشل میڈیا پر پھیلانے میں ملوث دو ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ایف آئی اے حکام کے مطابق بچوں کی غیر اخلاقی ویڈیوز سے متعلق اطلاع موصول ہونے پر کارروائی کی گئی۔ حکام کے مطابق باغ حیات علی شاہ سے گرفتار ہونے والے دو ملزمان غضنفر شیخ اور ندیم احمد کے خلاف سائبر کرائم ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر لیا گیا۔

فلسطینی نوجوان عدی التمیمی کی شہادت پر مغربی کنارے میں ہڑتال

مکمل ہڑتال کے باعث شہروں کے درمیان عوامی آمد و رفت رک گئی، مزید ہڑتالوں کی اپیل

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فورسز کے ہاتھوں فلسطینی نوجوان کی شہادت کے بعد مغربی کنارے میں مکمل ہڑتال کی گئی۔ 20 سالہ فلسطینی عدی التمیمی نے ایک یہودی بستی کے داخلی راستے پر اسرائیلی گارڈز پر فائرنگ کر دی تھی۔ جواب میں صیہونی فورسز نے گولی مار کر عدی کو شہید کر دیا تھا۔ ہڑتال کی کال تحریک الفتح نے دی تھی۔ عدی التمیمی نے مشرقی القدس اور شعفاط کے درمیان واقع بستی معالی ادومیم کے باہر اسرائیلیوں پر حملہ کیا تھا۔

شام، ڈبلیو ایچ او ڈائریکٹر پر کرپشن الزامات میں قانونی چارہ جوئی

ڈائریکٹر پر کورونا میں عالمی ادارہ صحت کے وضع قواعد کی خلاف ورزی کا الزام عائد

دمشق (این این آئی) شام میں ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کے دفتر کے عملے نے ڈائریکٹر پر تنظیم کے فنڈز میں لاکھوں ڈالر کی خورد برد کرنے، سرکاری اہلکاروں کو کاروں، سونے کے سکوں اور قیمتی کمپیوٹرز کے تحفے دینے اور بدعنوانی کے الزامات عاید کیے ہیں۔ خاتون ڈائریکٹر پر کووڈ وبا کے دنوں میں عالمی ادارہ صحت کے وضع کردہ قواعد کی خلاف ورزی کا بھی الزام عاید کیا گیا ہے۔ حاصل ہونے والی 100 سے زیادہ خفیہ دستاویزات، خطوط اور دیگر مواد سے پتہ چلتا ہے کہ ڈبلیو ایچ او کے حکام نے تحقیقات کاروں کو بتایا کہ شام میں تنظیم کی نمائندہ ڈاکٹر اکجمال مختوموا نے سنگین خلاف ورزیوں کا ارتکاب کیا۔

روس سے سستا تیل خریدنے کا عندیہ خوش آئند ہے، پروفیشنل ریسرچ فورم

ایران سے سستی گیس، بجلی کے حصول کیلئے بھی پیشرفت کرنی چاہیے، چیئرمین حسن علی قادری

لاہور (این این آئی) پروفیشنل ریسرچ فورم کے چیئرمین سید حسن علی قادری نے وزیر خزانہ کی جانب سے روس سے سستا تیل خریدنے کے عندیے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اسی طرح ایران سے سستی گیس اور بجلی کے حصول کیلئے بھی پیشرفت کرنی چاہیے، معاشی طور پر کمزور ہونے کی وجہ سے عالمی طاقتیں ہمیں دباؤ میں لاتی ہیں اس لئے ہمیں معاشی طور پر مضبوط ہونے کیلئے غیر معمولی فیصلے کرنا ہوں گے۔ ایک بیان میں حسن علی قادری نے کہا کہ بھارت امریکہ کا سٹریٹیجک اتحادی ہے۔

سربراہ نیچپا قومی اتحاد سردار پرویز احمد خان نیچپا کا محمد الیاس کمبوہ کے والد کے انتقال پر افسوس

صحبت پور (نامہ نگار) نیچپا قومی اتحاد کے سربراہ سردار پرویز احمد خان نیچپا اور مرکزی رہنما اعجاز علی نیچپا نے حب پریس کلب کے صدر محمد الیاس کمبوہ کے والد صاحب کے انتقال پر افسوس و ہمدردی کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے دیں اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے اور کہا کہ دکھ بقیہ نمبر56 صفحہ 3 پر

سیلاب سے زراعت کے شعبے میں 3 کھرب روپے سے زائد کا نقصان ہوا ہے، ملک نصیر شاہوانی

کیسکو حکام کے ساتھ ملاقات ہوئی جس میں فیصلہ ہوا کہ کیسکو زرعی فیڈرز پر بجلی 30 تاریخ تک منقطع نہیں کریگی

متاثرہ علاقوں میں بھرپور امدادی کارروائیاں جاری ہیں، وفاق میں سیلاب متاثرین کی امداد و بحالی پر مضبوط موقف اپنائیں گے

کوئٹہ (آن لائن) زمیندار ایکشن کمیٹی بلوچستان کے چیئرمین اور رکن صوبائی اسمبلی ملک نصیر احمد شاہوانی، جنرل سیکرٹری حاجی عبدالرحمن بازئی نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ کیسکو حکام کے ساتھ ملاقات ہوئی جس میں فیصلہ ہوا کہ کیسکو زرعی فیڈرز پر بجلی 30 تاریخ تک منقطع نہیں کریگی اس سلسلے میں زمیندار ایکشن کمیٹی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو اور چیف سیکرٹری سے ملاقاتیں کی جا چکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ زمیندار ایکشن کمیٹی کے احتجاج اور چارٹر آف ڈیمانڈ کے بعد وزیر اعلیٰ بلوچستان سے ایکشن کمیٹی کے نمائندوں ملاقات کی جنہیں تمام تر مسائل سے آگاہ کیا گیا تھا اور بتایا گیا تھا کہ حالیہ بارش اور سیلاب سے صوبے کو زراعت کے شعبے میں 3 کھرب روپے سے زائد کا نقصان ہوا ہے۔ بقیہ نمبر36 صفحہ 3 پر

گندم کی بوائی بیج کی عدم دستیابی کے باعث تاخیر کا شکار ہوگئی ہے، صدر کسان بورڈ خیبر پختونخوا

25 اکتوبر سے نہری و بارانی علاقوں میں گندم کی بوائی کا عمل شروع کیا جاتا ہے

پشاور (این این آئی) کسان بورڈ خیبر پختونخوا کے صدر رضوان اللہ نے کہا خیبر پختونخوا میں گندم کی بوائی بیج کی عدم دستیابی کے باعث تاخیر کا شکار ہوگئی ہے۔ جس کے باعث گندم کی فصل متاثر ہونے کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ 25 اکتوبر سے نہری و بارانی علاقوں میں گندم کی بوائی کا عمل شروع کیا جاتا ہے تاہم اب تک کاشتکاروں کو نہ گندم کا بیج مل سکا ہے اور نہ ہی ان سے مانگ طلب کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گندم کی بوائی اس وقت تاخیر کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ عام حالات میں 15 اکتوبر سے بارانی علاقوں میں بوائی کا عمل شروع ہو جاتا ہے تاہم محکمہ زراعت کی جانب سے اب تک گندم کی فراہمی شروع نہیں کی گئی ہے۔

چیف ایڈیٹر محمد الیاس کمبوہ کے والد حبیب احمد کمبوہ کے وفات پر دلی افسوس کا اظہار

خاران (نمائندہ خصوصی) پریس کلب خاران کے سابق صدر سینئر صحافی محمد عیسیٰ محمد حسنی نے اپنے ایک تعزیتی بیان میں ڈسٹرکٹ لسبیلہ کے کہنہ مشق سینئر صحافی حب پریس بقیہ نمبر55 صفحہ 3 پر

پنجاب نے خیبر پختونخوا کو گندم کی فراہمی سے معذرت کر لی

محکمہ خوراک خیبر پختونخوا کا وفاق سے گندم کی اضافی فراہمی کا مطالبہ

لاہور، پشاور (این این آئی) پنجاب نے خیبر پختونخوا کو گندم کی فراہمی سے معذرت کر لی جس کے بعد محکمہ خوراک خیبر پختونخوا نے وفاق سے گندم کی اضافی فراہمی کا مطالبہ کر دیا۔ ڈائریکٹر فوڈ خیبر پختونخوا کاشف جیلانی نے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ خوراک پنجاب سے 2 لاکھ میٹرک ٹن گندم کی درخواست کی تھی تاہم پنجاب نے گندم کی فراہمی سے معذرت کر لی ہے۔ ڈائریکٹر فوڈ نے کہا کہ پاکستان ایگریکلچرل سٹوریج اینڈ سروسز کارپوریشن سے 10 لاکھ میٹرک ٹن گندم خرید رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب سے گندم نہ ملنے کی صورت میں پاکستان ایگریکلچرل سٹوریج اینڈ سروسز کارپوریشن سے مزید 2 لاکھ میٹرک ٹن گندم فراہم کرنے کا مطالبہ کریں گے۔

غیر حاضر اساتذہ کیساتھ کسی بھی قسم کی نرمی نہیں برتی جائیگی، عبدالستار لانگو

نوکنڈی کے تعلیمی اداروں کی ترقی اور اساتذہ کے مسائل کے حل کیلئے اقدامات کئے جائینگے

نوکنڈی (این این آئی) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر چاغی عبدالستار لانگو نے کہا کہ نوکنڈی کے تعلیمی اداروں کی ترقی اور اساتذہ کے مسائل کے حل کیلئے اقدامات کئے جائینگے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نوکنڈی کے تعلیمی اداروں، بوائز ہائیر سیکنڈری سکول، گرلز ہائی سکول، بوائز ہائی سکول غریب آباد، مڈل سکول شیر آباد، مڈل سکول زور آباد کا دورہ کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا جہاں انہوں نے مدرسین کی رجسٹر حاضری کو چیک کیا اسکولز بجٹ سمیت کلسٹر سامان کی تقسیم کار کا بھی جائزہ لیا اساتذہ کے مسائل سنیں اور کلاس روم کا معائنہ کیا طلباء و طالبات سے اسباق پڑھائی سمیت مختلف مضامین کے بارے سوالات پوچھے جنہیں طلباء و طالبات نے تسلی بخش جوابات دیئے۔

سعودی عرب کی سبز اور نیلی ہائیڈروجن پیدا بنانے کی کوششیں جاری

دنیا کو توانائی کی ضرورت ہے، ہمیں غیر تیل کے وسائل تلاش کرنے چاہئیں، عادل الجبیر

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے وزیر مملکت برائے امور خارجہ، کابینہ کے رکن اور موسمیاتی ایلچی عادل بن احمد الجبیر نے زور دے کر کہا ہے کہ سعودی عرب سبز اور نیلے رنگ کا ہائیڈروجن پیدا کرنے والا پہلا ملک بننے کی کوششیں کر رہا ہے۔ دو ادائے بھی کہ سعودی عرب نہ صرف تیل پیدا کرنے والا ملک ہے بلکہ مملکت خود کو توانائی برآمد کرنے والا ملک سمجھتا ہے۔ الجبیر نے کہا کہ قابل تجدید توانائی اس خلا کو پر کرے گی جب دنیا کی توانائی کی ضروریات میں اضافہ ہوگا اور فوسل انرجی ان کو پورا نہیں کر سکتی۔ ایک خاص حد ہے جس سے مملکت تیل کی پیداوار میں تجاوز نہیں کر سکتی جیسا کہ آنے والی دہائیوں میں جیواشم ایندھن ضروری ہوگا۔

کوئٹہ، پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما شاہ ورانی سماجی کارکن ثمرہ ملک کو پیپلز پارٹی میں شمولیت کے موقع پر مفلر پہنا رہی ہیں

لورالائی، ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر عتیق الرحمن شاہوانی این جی اوز پروگریس ریویو کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں